https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی

مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | منگل 30 ربیع الثانی 1448ھ 13 اکتوبر 2026ء | شمارہ:211

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!

''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے


اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ

''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

13 سال کا گند 3 ماہ میں صاف کرینگے، اپالیسی جلال آباد نہیں اسلام آباد سے آئیگی



امن خراب کرنے والوں کو نہیں چھوڑا جائے گا، خیبر پختونخوا کے فیصلے اب اسلام آباد سے ہوں گے جلال آباد سے نہیں، 13 سالوں میں کرپشن کرنے والے گرفتار ہوں گے اور جن کے خلاف مقدمات ہیں انہیں بھی حراست میں لیا جائے گا

ایپکس کمیٹی کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اجلاس میں پولیس اور سی ٹی ڈی کو وسائل فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ہم اپنی پولیس کے ساتھ کھڑے ہیں جو وسائل ہیں وہ دیں گے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ امن خراب کرنے والوں کو نہیں چھوڑا جائے گا، خیبر پختونخوا کے فیصلے اب اسلام آباد سے ہوں گے جلال آباد سے نہیں، 13 سالوں میں کرپشن کرنے والے گرفتار ہوں گے اور جن کے خلاف مقدمات ہیں انہیں بھی حراست میں لیا جائے گا۔ ایپکس کمیٹی کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اجلاس میں پولیس اور سی ٹی ڈی کو وسائل فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ہم اپنی پولیس کے ساتھ کھڑے ہیں جو وسائل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہم خبر



ایس ایم تنویر کی قیادت میں وفاقی چیمبر کا معیار بلند ہوسکتا ہے، طارق حلیم

حکومت کو ایف پی سی سی آئی کی اہمیت، نمائندہ حیثیت اور کاروباری برادری کے جائز حقوق کو تسلیم کرنا ہوگا

کراچی (بزنس رپورٹر) سابق نائب صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) اور سابق چیئرمین پاکستان شپ ایجنٹس ایسوسی ایشن طارق حلیم نے کہا ہے کہ ایس ایم تنویر کا آئندہ صدر ایف پی سی سی آئی منتخب ہونا ملک کی کاروباری برادری کے لیے ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ ان کی قیادت میں وفاقی چیمبر کا معیار بلند ہوگا، ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سندھ پبلک سروس کمیشن کے سی سی ای 2023ء میں مبینہ بے ضابطگیوں کی نیب تحقیقات

نیب کراچی کا ایس پی ایس سی کو نوٹس، 20 اکتوبر کو گریڈ 18 یا اس سے اوپر کے افسر کو ریکارڈ سمیت پیش ہونے کی ہدایت، انٹرویوز کی ویڈیوز اور میرٹ کا فارمولہ

کراچی (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے سندھ پبلک سروس کمیشن (ایس پی ایس سی) کے کمبائنڈ کمپیٹیٹو ایگزامینیشن (سی سی ای) 2023ء کے انعقاد اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ڈاکٹر وسیم قاضی کراچی میٹروپولیٹن یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر مقرر

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ کی منظوری کے بعد جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی کو کراچی میٹروپولیٹن یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر کا اضافی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سندھ حکومت اور فلور ملز ایسوسی ایشن کے درمیان مذاکرات، کراچی میں آٹا 6 روپے فی کلو سستا

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت اور فلور ملز ایسوسی ایشن کے درمیان مذاکرات کے بعد کراچی میں فیئر پرائس دکانوں پر آٹے کی قیمت میں 6 روپے فی کلو کمی کا اعلان کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ریلوے کوارٹرز کے مکینوں کو ہراساں کرنا بند کیا جائے، ارسلان اسلام شیخ

50 سال سے آباد خاندانوں کو بے گھر کرنے کے بجائے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مسئلہ حل کیا جائے

سکھر (بیورو رپورٹ) میئر سکھر وتر جمان سندھ حکومت بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے ریلوے کوارٹرز خالی کرانے کی کارروائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان، وفاقی حکومت اور متعلقہ ادارے کے مطابق طبی عملے نے بتایا کہ غزہ شہر میں پانڈ مال کے قریب اسرائیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ریلوے حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قدیمی علاقوں میں تقریباً 50 سال سے رہائش پذیر خاندانوں کو بے گھر کرنے اور خواتین و بزرگوں کو ہراساں کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

بنکاک میں غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی درمیانی مدت کی قرض حکمت عملی کا بنیادی مقصد عالمی سرمایہ منڈیوں تک رسائی بڑھانا اور بیرونی قرضوں کی ادائیگی کا دباؤ کم کرنا ہے

پاکستان جلد عالمی منڈیوں میں واپس آجائیگا

سینیٹر محمد اورنگزیب

معاشی استحکام کے لیے مہنگائی، زرمبادلہ ذخائر اور شرح پالیسی کو مناسب سطح پر رکھنا ضروری ہے وزارت خزانہ کے اعلامیے کے مطابق محمد اورنگزیب نے بتایا کہ پاکستان نے رواں سال اپریل میں 75 کروڑ ڈالر کے بانڈز نجی طور پر جاری کیے

محمد اورنگزیب نے کہا کہ گزشتہ سال اپریل سے اب تک پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں 3 مرتبہ بہتری آئی ہے اور اب ملک کی ریٹنگ بی کیٹیگری میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 40 سال کے دوران پاکستان کی بہترین خودمختار کریڈٹ ریٹنگ بی پلس رہی ہے



بینکاک: وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب V20 کے 17 ویں وزارتی مکالمے سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بنکاک میں غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی درمیانی مدت کی قرض حکمت عملی کا بنیادی مقصد عالمی سرمایہ منڈیوں تک رسائی بڑھانا اور بیرونی قرضوں کی ادائیگی کا دباؤ کم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کے لیے مہنگائی، زرمبادلہ ذخائر اور شرح پالیسی کو مناسب سطح پر رکھنا ضروری ہے۔ وزارت خزانہ کے اعلامیے کے مطابق محمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

انمول پنکی کی سی ٹی ڈی کے مقدمے میں بھی بریت کی درخواست دائر

عدالت کا ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس، آئندہ سماعت پر جواب طلب کرلیا

کراچی (این این آئی) مبینہ منشیات فروش انمول عرف پنکی نے انسدادِ دہشت گردی محکمے (سی ٹی ڈی) کے تھانے میں درج منشیات کے مقدمے میں بھی بریت کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

بلاول چورنگی کے قریب کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق

پولیس نے کار ڈرائیور کو حراست میں لے لیا، متوفی کی شناخت نہ ہوسکی

کراچی (این این آئی) کلفٹن میں بلاول ہاؤس چورنگی کے قریب کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 50 سالہ شخص جاں بحق ہوگیا، پولیس نے حادثے کے ذمے دار کار ڈرائیور کو حراست میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 3 زخمیوں سمیت 4 ڈاکو گرفتار

اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد، زخمی ملزمان کو اسپتال منتقل کردیا گیا

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں کے دوران تین زخمیوں سمیت چار ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مٹھی: حادثے میں جھلسنے والے 2 محنت کش کراچی منتقل، حالت تشویشناک

کراچی (این این آئی) مٹھی میں کوئلے سے بجلی پیدا کرنے والی کمپنی میں حادثے کے نتیجے میں جھلسنے والے دو محنت کشوں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

میونسپل کمیٹی ٹھٹھہ کے ریٹائرڈ ملازمین کا واجبات کی عدم ادائیگی پر احتجاج

ٹھٹھہ (این این آئی) میونسپل کمیٹی ٹھٹھہ کے ریٹائرڈ ملازمین، پنشنرز اور مسیحی برادری کے نمائندوں نے واجبات کی عدم ادائیگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

جعلی ادویات کی روک تھام کے لیے ٹریک اینڈ ٹریس نظام نافذ

کراچی (این این آئی) ملک میں جعلی، غیر معیاری اور غیر رجسٹرڈ ادویات کی روک تھام کے لیے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

غزہ میں اسرائیلی فوج کی بمباری، 5 شہید، 4 گھر تباہ کئی عمارتوں کو نقصان

غزہ (خبر ایجنسیاں) اسرائیلی فوج کے تازہ فضائی حملوں میں 5 فلسطینی شہید ہوگئے۔ جبکہ شمالی اور وسطی میں فضائی حملوں میں 4 گھر تباہ، درجنوں مکانات اور عمارتو رعمارتوں کو نقصان پہنچا۔ غیر ملکی خبر رساں

صدر زرداری سے ناروے، آذربائیجان اور سوئٹزرلینڈ کے نامزد سفیروں کی ملاقات

تینوں سفیروں نے ایوان صدر میں اپنی سفارتی اسناد صدر مملکت کو پیش کیں، دوطرفہ تعلقات کے فروغ، تجارت اور سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال

پاکستان کے ناروے سے دیرینہ دوستانہ تعلقات، موسمیاتی تعاون، قابل تجدید توانائی اور سمندری امور میں اشتراک بڑھانے پر زور دیا گیا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے آج ایوان صدر میں ناروے، آذربائیجان اور سوئٹزرلینڈ کے نامزد سفیروں سے ملاقات کی، جنہوں نے انہیں اپنی سفارتی اسناد پیش کیں۔ صدر مملکت نے تینوں سفیروں کو ان کی تقرری پر مبارک باد دی اور پاکستان میں ان کی سفارتی ذمہ داریوں کی کامیاب تکمیل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ملاقاتوں کے دوران صدر مملکت نے پاکستان اور متعلقہ ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری ایوانِ صدر میں ناروے کے نامزد سفیر سگوالڈ ہوگے، آذربائیجان کے نامزد سفیر عرفان شاکر اوغلو داؤدوف اور سوئٹزرلینڈ کے نامزد سفیر جناب اسٹیفن لارینٹ رے سے سفارتی اسناد وصول کر رہے ہیں۔

پاکستانی کاروباری اداروں کے لیے رومانیہ میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع

پاکستانی تجارتی وفد کا بخارسٹ کے قریب بڑے ڈیری فارم کا دورہ، زراعت، دودھ کی پیداوار اور تربیت یافتہ افرادی قوت کی فراہمی میں تعاون پر گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان اور رومانیہ کے درمیان زراعت اور ڈیری کے شعبوں میں کاروباری تعاون کے نئے امکانات سامنے آئے ہیں۔ پاکستان رومانیہ بزنس کونسل کے زیر اہتمام پاکستانی تجارتی وفد نے رومانیہ کے دارالحکومت بخارسٹ کے قریب ملک کے بڑے ڈیری فارم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

کراچی میں چکی کا آٹا 200 روپے کلو فروخت ہونے لگا

سرکاری نرخ اور بازاری قیمت میں 55 روپے کا فرق، فائن آٹا بھی 176 روپے کلو ہوگیا، روٹی 30 سے 35 روپے تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) آٹے کی قیمتوں میں اضافے نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دی ہیں، شہر میں چکی کا آٹا سرکاری نرخ 145 روپے فی کلو کے بجائے 200 روپے میں فروخت ہونے لگا، جبکہ فائن آٹے کی قیمت بھی بڑھ کر 176 روپے فی کلو ہوگئی ہے۔ روٹی کی قیمت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

بھاری ٹیکس اور غیر یقینی معاشی صورتحال، 40 فیصد سے زائد پاور لومز غیر فعال

500 سے زائد جننگ فیکٹریاں اور 200 کے قریب ٹیکسٹائل ملیں پہلے ہی بند

پیداواری لاگت میں اضافے سے کاٹن صنعت کی بقا خطرے میں پڑ گئی

کراچی (این این آئی) غیر یقینی معاشی صورتحال، بھاری ٹیکسوں اور مجلی وگیس کی بلند قیمتوں کے باعث پاکستان میں 40 فیصد سے زائد پاور لومز بھی غیر فعال ہوگئی ہیں، جبکہ اس سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

گورنر سندھ کا جامعہ الغزالی میں امت مسلمہ کے علم اور تجارتی تعاون کے فروغ پر زور

نہال ہاشمی نے چانسلر مفتی عبدالرحیم کی کاوشوں کو سراہا کہا امتِ مسلمہ کے علمائے کرام اور علمی قیادت کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرکے شاندار کام کیا

انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان اور فیلڈ مارشل مصر، ترکی اور دیگر اسلامی ممالک فلسطینی عوام کی مدد اور دادرسی کے لیے کوششیں کر رہے ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے جامعہ الغزالی میں مسلم دنیا کی جامعات کے چانسلرز، وائس چانسلرز اور ریکٹرز کے سربراہی اجلاس کی اختتامی تقریب میں مفتی عبدالرحیم کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دے رہے ہیں




گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی جامعہ الغزالی میں مسلم دنیا کی جامعات کے چانسلرز، وائس چانسلرز اور ریکٹرز کے سربراہی اجلاس کی اختتامی تقریب میں مفتی عبدالرحیم کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دے رہے ہیں

اسلام آباد کی تاجر برادری کا کنٹینرز ہٹانے کا خیر مقدم

کاروباری سرگرمیاں بحال کرنے پر محسن نقوی کا شکریہ ادا کرتے ہیں، احسن ظفر بخاوری

یوسف راجپوت، اسد عزیز، نعیم اختر اعوان، ظاہر عباسی کے ہمراہ سابق صدر اسلام آباد چیمبر کا اہم اجلاس



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد کی تاجر برادری نے وفاقی دارالحکومت سے کنٹینرز ہٹانے، سڑکوں کی بحالی اور معمول کی کاروباری سرگرمیاں دوبارہ شروع ہونے کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسلام آباد کو دھرنوں سے پاک شہر قرار دیا جائے تاکہ مستقبل میں سیاسی احتجاج اور مظاہروں کے باعث کاروباری سرگرمیوں اور شہری زندگی میں خلل پیدا نہ ہو۔ یہ مطالبہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر احسن ظفر بخاوری کی زیر صدارت تاجر تنظیموں کے نمائندوں کے ایک اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں آل (باقی صفحہ نمبر 29)

ریاض ایئرپورٹ کی بندش میں مزید 24 گھنٹے کی توسیع

پاکستان سے سعودی عرب کی درجنوں پروازیں منسوخ

کراچی (این این آئی) سعودی عرب کے | دارالحکومت ریاض کے کنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

11 ارب چینی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کریگا

محمد زکریا اکبر ضیاء

پاکستان چین تجارت بڑھانے کے لیے قابلِ عمل کاروباری ماڈلز اور مشترکہ منصوبے ناگزیر ہیں، محمد اشفاق حسین چٹھہ، محمد وقاص خان

اجلاس میں سید عمران بخاری، ملک راشد طفیل، اسرار الحق، زوہیب ارشد ملک، عثمان عبدالناصر، شاہد عباسی، محمد عارف، بلال سہیل صدیقی، محمد نعمان نے بھی شرکت کی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد زکریا اکبر ضیاء نے پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیمبر دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

کراچی پولیس کا ایک ہفتے میں 905 سے زائد ملزمان کو گرفتار کرنے کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات پر پولیس نے شہر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 905 سے زائد ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس اور ملزمان کے درمیان 47 مقابلے ہوئے، جن میں فائرنگ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 7 مبینہ ڈاکو زخمی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلوں کے دوران 7 مبینہ ڈاکو زخمی ہوگئے، جنہیں طبی امداد کے لیے عباسی شہید اور جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ چھپا ڈرائع کے مطابق زخمی ملزمان کی شناخت شاہ رخ بیگ، محمد قاسم، احمد علی خان، ناصر، ارشد، عادل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

سال 2050 تک دنیا بھر میں کینسر کے نئے کیسز میں 77 فیصد اضافے کا خدشہ

ہر پانچ میں سے ایک شخص کو زندگی میں کینسر لاحق ہونے کا امکان

2022 میں تقریباً ایک کروڑ اموات ہوئیں، عالمی ادارہ صحت

کراچی (این این آئی) دنیا بھر میں کینسر صحتِ عامہ کے لیے ایک بڑا چیلنج بنتا جارہا ہے اور خدشہ ہے کہ 2050 تک اس مرض کے سالانہ نئے کیسز کی تعداد 3 کروڑ 50 لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔ عالمی ادارہ صحت اور کینسر پر تحقیق کرنے والے بین الاقوامی ادارے کے تخمینوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

مصنوعی ذہانت کا غلط استعمال اور جوہری تنازع انسانیت کیلئے بڑے خطرات قرار

سال 2100 تک تباہ کن نتائج کا خدشہ، 204 ممالک اور خطوں میں 17 بڑے خطرات کا جائزہ، محققین کا بروقت اقدامات پر زور

کراچی (این این آئی) مصنوعی ذہانت (اے آئی) ٹیکنالوجی کا غلط استعمال اور جوہری تنازع مستقبل میں انسانیت کی بقا کے لیے بڑے خطرات ثابت ہوسکتے ہیں۔ طبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اورنگی ٹاؤن میں شاہین فورس کا مبینہ مقابلہ، زخمی سمیت 2 ڈاکو گرفتار

ملزمان سے پستول، گولیاں، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (این این آئی) اورنگی ٹاؤن میں شاہین فورس | نے مبینہ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

یو بی جی نے ایس ایم تنویر کو صدارتی امیدوار نامزد کردیا

ایف پی سی سی آئی انتخابات 28-2027 میں بھرپور طریقے سے کامیاب کرائیں گے

ایس ایم تنویر کی بطور نگران صوبائی وزیر صنعت و تجارت کارکردگی اور کاروباری دوست پالیسیاں تاریخی اور لائق تحسین رہی



کراچی (بزنس رپورٹر) ایف پی سی سی آئی انتخابات 28-2027: یو بی جی کا ایس ایم تنویر کو صدارتی امیدوار نامزد کرنے کا متفقہ فیصلہ۔ یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) نے ایس ایم تنویر کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے لیے صدارتی امیدوار نامزد کر دیا۔ ایس ایم تنویر کی بصیرت افروز قیادت ملکی برآمدات، صنعتی ترقی اور تجارتی برادری کے حقوق کے تحفظ میں انتہائی کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ ایس ایم تنویر کی بطور نگران صوبائی وزیر صنعت و تجارت کارکردگی اور کاروباری دوست پالیسیاں تاریخی اور لائق تحسین رہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

نیلم منیر کے ہاں بیٹے کی پیدائش، نومولود کا نام محمد حمدان رکھ دیا

اداکارہ نے اسپتال سے بچے کے ساتھ تصویر شیئر کردی، مداحوں کے لیے خوش خبری کا اعلان

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نیلم منیر | نے اپنے پہلے بچے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد زکریا اکبر ضیاء چینی وفد سے خطاب کر رہے ہیں۔ اس موقع پر نائب صدر محمد وقاص خان، ایگزیکٹو ممبر ابرار الحق، چینی وفد کی اراکین مس سنڈی چن اور مس شانا چن، آئی سی سی آئی کے ایگزیکٹو ممبران اسرار الحق، شاہد عباسی، سید عمران بخاری، بلال سہیل صدیقی اور دیگر بھی موجود ہیں۔



کراچی چیمبر کے نئے صدر طلعت محمود اور سینئر نائب صدر اسلم پکھالی کو خواتین تاجر جیا این نثار، ندا نواب، شبانہ آصف اور قرۃ العین عہدے سنبھالنے پر پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہی ہیں نومنتخب صدر اور سینئر نائب صدر نے خواتین تاجروں سے اظہار تشکر کیا

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ۔۔۔!

خیبر پختونخوا (کے پی) میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا گیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی کے نفاذ کی سمری پر دستخط کیے جو کہ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد وزیراعظم ہاؤس سے صدرِ مملکت کو بھجوائی گئی تھی۔ ایمرجنسی نافذ ہونے کے بعد وفاقی حکومت گورنر خیبر پختونخوا کو صوبائی حکومت کے تمام یا بعض اختیارات سنبھالنے کی ہدایت دے سکے گی، گورنر تفویض کردہ اختیارات اور فرائض سرانجام دیں گے جبکہ کے پی اسمبلی کے اختیارات پارلیمان یا اُس کے اختیار کردہ ادارے کے ذریعے استعمال کیے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعلیٰ کے پی، صوبائی وزراء ا، مشیران، معاونینِ خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل فوری طور پر اپنے عہدے چھوڑ دیں گے۔ صوبے میں گورنر راج اور 12 اضلاع میں ایمرجنسی کے نفاذ کے فوراً بعد چیف سیکرٹری سمیت پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15 افسروں کو بھی تبدیل کر دیا گیا تاکہ صوبے کا نظم و نسق قائم رکھا جا سکے۔ نئے انتظام کے مطابق گورنر کے ماتحت 11 اراکین پر مشتمل مشاورتی کونسل بنائی گئی ہے جس میں پاکستان کی پہلی خاتون جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر سمیت مختلف ٹیکنوکریٹ شامل کیے گئے ہیں۔ نئے انتظام میں آٹھ قبائلی اضلاع سمیت 12 اضلاع کیلئے درجنوں افراد پر مشتمل ایریا ڈویلپمنٹ کونسل قائم کی جائے گی۔ وفاقی حکومت نے سول انتظامیہ کی معاونت کے لئے آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت جب تک ایمرجنسی رہے گی تب تک پاک فوج کے دستوں اور وسائل کی تعیناتی کی منظوری بھی دے دی۔ وزیراعظم ہاؤس کے اعلامیے کے مطابق وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کے پی میں اَمن وامان اور دہشت گردی کی بگڑتی صورتحال پر بریفنگ دی گئی جس میں کہا گیا کہ دہشت گردی میں مسلسل اضافہ خیبر پختونخوا کی سیکورٹی کے لئے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن چکا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ صوبائی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا منصوبہ بنایا، یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ کے پی میں سی ٹی ڈی اور پولیس کو مضبوط نہیں کیا گیا، صوبائی حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کے بجائے خاموش ہے اور ان کے خلاف ایک لفظ نہیں بولتی، افواجِ پاکستان چُن چُن کر دہشت گردوں کو جہنم رسید کر رہی ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ معیشت کے اشاریے دن بدن بہتر ہو رہے ہیں لیکن یہ پاکستان کا حشر نشر کرنا چاہتے ہیں۔ کابینہ نے خیبر پختونخوا میں اَمن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں پیش کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو سال کے دوران کے پی میں دہشت گرد حملوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوا، افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر اور مقامی سہولت کاروں کی وجہ سے خطرات بڑھے۔ صوبائی حکومت کی ناقص پالیسی اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشے نے خطرات میں اضافہ کیا، انسدادِ دہشت گردی کے موثر اقدامات کی کمی سے دہشت گرد عناصر کو جگہ بنانے کا موقع ملا۔ رپورٹ میں دیے گئے اعداد و شمار کے مطابق صوبے میں مارچ 2024ء سے 23 ستمبر 2026ء تک دہشت گردی کے واقعات 195 فیصد بڑھے جبکہ رواں سال دہشت گرد حملوں میں 73 فیصد نشانہ پولیس اور سکیورٹی ادارے بنے۔ دہشت گردوں کی طرف سے ڈرون کے استعمال میں تشویشناک اضافہ ہوا 2024ء میں پولیس اور سکیورٹی اداروں پر کوئی ڈرون حملہ رپورٹ نہیں ہوا، لیکن رواں سال ڈرون حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی۔ دہشت گردی کے مقابلے میں پولیس اور سکیورٹی اداروں کی استعداد بڑھانا ناگزیر ہے، سیف سٹی منصوبہ تاحال صرف پشاور تک محدود ہے۔ مزید کہا گیا کہ کے پی پولیس میں 9 ہزار سے زائد آسامیاں خالی ہیں، پولیس اور سی ٹی ڈی کو جدید ہتھیاروں اور آپریشنل سامان کی شدید کمی کا سامنا ہے، جنوبی اضلاع میں بکتر بند اور محفوظ گاڑیوں کی کمی ہے۔



میر پور خاص ڈویژن میں ''تحفظ کلرکس ڈے'' منایا گیا

صدر غلام مرتضیٰ ارباب کی صدارت میں تقریب، ملازمین کو درپیش مسائل، ترقیوں میں تاخیر اور خالی آسامیوں کے حوالے سے آواز اٹھائی گئی



میر پور خاص (بیورو چیف) میر پور خاص ڈویژن میں ''تحفظ کلرکس ڈے'' منایا گیا، کلرکوں کے جائز حقوق کے لیے آواز بلند۔ میر پور خاص: آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپکا) سندھ کی ہدایات کے تحت آج اپکا ڈویژن میر پور خاص کے پلیٹ فارم سے ''تحفظ کلرکس ڈے'' منایا گیا۔ اس سلسلے میں ڈویژن صدر غلام مرتضیٰ ارباب کی صدارت میں ایک تقریب منعقد ہوئی، جس میں کلرکوں اور دیگر سرکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کنری میں آٹے کی قیمتوں میں خودساختہ اضافے کے خلاف چلکچی رکشہ ڈرائیوروں کا احتجاج، نعرے بازی، آٹے کی قیمتیں کم کر کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا مطالبہ



کنری (نامہ نگار) کنری میں آٹے کی قیمتوں میں خودساختہ اضافے کے خلاف چلکچی رکشہ ڈرائیوروں کا احتجاج، نعرے بازی، آٹے کی قیمتیں کم کر کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق کنری کے مرکزی امریکن چوک پر چلکچی رکشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

میر پور خاص ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور میر پور خاص ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کا خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کی تجویز پر شدید مذمت و تشویش کا اظہار

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور میر پور خاص ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کا خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کی تجویز پر شدید مذمت و تشویش کا اظہار۔ صوبائی خودمختاری، منتخب حکومت اور جمہوری مینڈیٹ کو کمزور کرنے کی ہر کوشش کو مسترد کرتے ہیں، کراچی بار سیاسی اختلافات کا حل آئینی مذاکرات اور پارلیمانی عمل کے ذریعے نکالا جائے، بار کا مطالبہ۔ سکیورٹی چیلنجز کو صوبائی خودمختاری سلب کرنے کا بہانہ نہیں بنایا جا سکتا، کراچی بار میر پور خاص ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن میر پور خاص ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

عمر کوٹ میں اساتذہ کا سروس اسٹرکچر اور ترقیاں بحال کرنے کا مطالبہ

عمر کوٹ (نمائندہ قوم کی آواز) آل سندھ پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن (پ ٹ الف) عمر کوٹ کے زیر اہتمام اساتذہ کے بنیادی مطالبات کی منظوری کے لیے پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں شرکا نے مطالبات کے حق میں شدید نعرے بازی کی۔ احتجاج میں اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرے کی قیادت مرکزی رہنماؤں حاجی قائم سمیجو، اکرام حق آرائیں، راج محمد ہالیپوٹو، گھنشام میگھواڑ، حبیب اللہ کنبھر اور نواز علی عمرانی سمیت دیگر رہنماؤں نے کی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ پرائمری اساتذہ کے لیے پرائمری اسکول ٹیچر (پی ایس ٹی) سے ایلیمنٹری اسکول ٹیچر (ای ایس ٹی) اور ای ایس ٹی سے ہیڈ ٹیچر تک واضح سروس اسٹرکچر منظور کیا جائے، جبکہ رکی ہوئی ترقیوں کے لیے محکمانہ ترقیاتی کمیٹیوں کے اجلاس فوری طلب کیے جائیں۔ انہوں نے 2001ء سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

میر پور خاص ایس ایچ او ٹاؤن انسپکٹر غازی خان راجڑ کی شاندار کارکردگی، شہریوں کا خراجِ تحسین میر پور خاص ٹاؤن پولیس کی جانب سے چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص ایس ایچ او ٹاؤن انسپکٹر غازی خان راجڑ کی شاندار کارکردگی، شہریوں کا خراجِ تحسین میر پور خاص ٹاؤن پولیس کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



مرکزی تنظیم تاجران کے صدر کامران میمن کا شدید مہنگائی اور آٹے کے بحران پر اظہارِ تشویش آئندہ روز پریس کانفرنس کرنے کا عندیہ




میر پور خاص (بیورو رپورٹ) مرکزی تنظیم تاجران کے صدر کامران میمن کا شدید مہنگائی اور آٹے کے بحران پر اظہارِ تشویش آئندہ روز پریس کانفرنس کرنے کا عند (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

میر پور خاص ڈویژن کے ضلع مٹھی یوم نجات کے موقع پر پاک فوج سے اظہارِ یکجہتی کے لیے شاندار ریلی، پاکستان زندہ باد کے نعرے گونج اٹھے

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص ڈویژن کے ضلع مٹھی (تھرپارکر) یوم نجات کے موقع پر ضلع تھرپارکر کی سول سوسائٹی کی جانب سے پاک فوج اور ریاستِ پاکستان سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے قومی یکجہتی، ملکی سلامتی اور قیامِ امن کے عزم کا اظہار کیا۔ ریلی کشمیر چوک مٹھی سے شروع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

سندھ انٹر اسکول تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا دوسرا ایڈیشن، 50 اسکولوں کے ہزار سے زائد کھلاڑی ایکشن میں ہوں گے




کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) دوسری سندھ انٹر اسکول تائیکوانڈو چیمپئن شپ 17 اکتوبر 2026 کو نیشنل کوچنگ سینٹر، پی ایس بی اسٹیڈیم روڈ، کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

عمر کوٹ میں وکلا اور پولیس کا تنازع مذاکرات کے بعد ختم، عدالتوں میں کام بحال

عمر کوٹ (نمائندہ قوم کی آواز) عمر کوٹ میں وکیل سرائی رحیم خاصخیلی کا نام مقدمے میں شامل کرنے کے معاملے پر وکلا اور پولیس کے درمیان جاری تنازع تیسرے روز مذاکرات کے ذریعے حل ہو گیا، جس کے بعد عمر کوٹ بار ایسوسی ایشن نے کام چھوڑ ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کر دیا اور عدالتوں میں معمول کی کارروائیاں دوبارہ شروع ہو گئیں۔ مذاکرات کے دوران ایس ایس پی عمر کوٹ سہائی عزیز تالپور نے یقین دہانی کرائی کہ ڈی ایس پی عمر کوٹ میاں اظہر سموں کو عہدے سے ہٹایا جائے گا، جبکہ ایس ایچ او تاکی دلشاد خاصخیلی اور ایس ایچ او کنری خیر محمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں دو میچوں کا فیصلہ ہو گیا، جمیل احمد



کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) پی سی بی کی ہدایت پر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 میں دو میچوں کا فیصلہ ہو گیا راشد لطیف کرکٹ اکیڈمی گراؤنڈ گلبرگ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں لاروش کرکٹ کلب نے پاک فرمان کرکٹ کلب کو با آسانی 114 رنز سے شکست دیکر کوارٹر فائنل تک رسائی حاصل کر لی لاروش کرکٹ کلب نے پہلے بیٹنگ کرتے ہو؟ مقررہ 40 اوورز سے 64 گیندوں پر شاندار جارحانہ سینچری 112 رنز اسکور کئے علی حسن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

ٹرینوں کی آمد و رفت



علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

International Roundup

تصاویر: نسیم خان

ترتیب: علیم نواب خان

عجمان میں چوتھے یو اے ای بزنس اچیورایوارڈز کی شاندار تقریب، پاکستانی کاروباری شخصیات کی خدمات کا اعتراف، ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ قونصلر علی زیب خان نے ایوارڈ تقسیم کیے

پردیس نیوز ڈیجیٹل کے زیرِ اہتمام تقریب میں انشورنس، بینکنگ، تعلیم، سیاحت، منی ٹرانسفر، ہوم اپلائنسز، آئل، رئیل اسٹیٹ اور فنانس کے شعبوں میں نمایاں خدمات پر ایوارڈز دیے گئے، پاکستان کا نام روشن

ڈاکٹر حاجی محمد رفیق پردیسی کارئیل اسٹیٹ کی بہترین کارکردگی پر ایوارڈ انکے صاحبزادے حماد پردیسی کو دیا گیا، لیاقت علی بھٹی، راشد السلام صدیقی، شمائلہ احمد، محمد عاطف، خاور حسین، عامر حسن، ڈاکٹر ظفر طاہر کو بھی ایوارڈ ملے

عثمان بن رئیس، خاور حسین، ڈاکٹر ہادی شاہد کو بھی ایوارڈ، کاشان تمسیل، حافظ زاہد علی، ابراہیم ہوکل، افتخار ہمدانی، سید سلیم اختر، شاہد خان بنگش، نوید احمد اور ڈاکٹر رحمینہ ظفر سمیت اہم شخصیات کی شرکت



عجمان (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات کی ریاست عجمان میں پردیس نیوز ڈیجیٹل کے زیر اہتمام چوتھے یو اے ای بزنس اچیورایوارڈز کی شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس میں پاکستانی کاروباری شخصیات کی پیشہ ورانہ کامیابیوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں ان کی نمایاں خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں پاکستانی کمیونٹی، کاروباری حلقوں اور مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر ان شخصیات کی خدمات کو سراہا گیا جنہوں نے اپنی محنت، صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ مہارت کے ذریعے متحدہ عرب امارات میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے اور پاکستانی کمیونٹی کا نام روشن کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ تقریب میں انشورنس کے شعبے میں اسٹیٹ لائف انشورنس امارات کے سیکٹر ہیڈ لیاقت علی بھٹی کو ایوارڈ سے نوازا گیا، جبکہ بینکنگ کے شعبے میں نیشنل بینک کے ہوم ریمٹنس بزنس کے ہیڈ راشد السلام صدیقی کی خدمات کا اعتراف کیا گیا۔ تعلیم کے شعبے میں پاکستان ایجوکیشن اکیڈمی کی پرنسپل مس شمائلہ احمد اور انگلش لینگویج اسکول دبئی کے پرنسپل محمد عاطف کو اعزازات دیے گئے۔ ٹریول اینڈ ٹورازم کے شعبے میں ڈاکٹر ظفر طاہر کو بھی ان کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ پیش کیا گیا۔ ان اعزازات کا مقصد مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی پاکستانی شخصیات کی حوصلہ افزائی کرنا اور ان کی کامیابیوں کو اجاگر کرنا تھا۔ منی ٹرانسفر کے شعبے میں انسٹنٹ کیش کے چیف آپریٹنگ آفیسر عثمان بن رئیس، ہوم اپلائنسز کے شعبے میں جنرل ٹیک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خاور حسین اور آئل سیکٹر میں دیار گروپ کے چیئرمین عامر حسن کو ایوارڈز پیش کیے گئے۔ اسی طرح رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے شعبے سے ڈاکٹر حاجی محمد رفیق پردیسی اور فنانس کے شعبے سے ڈاکٹر ہادی شاہد کی خدمات کو بھی سراہا گیا۔ ایوارڈ حاصل کرنے والی شخصیات نے اپنے اپنے شعبوں میں کاروباری سرگرمیوں، ادارہ جاتی ترقی اور پیشہ ورانہ معیار کو بہتر بنانے کے لیے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ تقریب میں ان کی کامیابیوں کو پاکستانی کمیونٹی کے لیے قابلِ فخر قرار دیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ قونصلر علی زیب خان نے کہا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دوستی، تعاون اور باہمی اعتماد کی مثال دنیا میں کم ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کی ترقی میں پاکستانی کمیونٹی کا کردار قابلِ فخر اور لائقِ تحسین ہے۔ پاکستانی کاروباری شخصیات اپنی محنت، دیانت داری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے نہ صرف پاکستان کا وقار بلند کر رہی ہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی، معاشی اور سماجی تعلقات کو مضبوط بنانے میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایسی تقریبات باصلاحیت افراد کی حوصلہ افزائی اور کاروباری روابط کے فروغ میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

تقریب میں پاکستان ایجوکیشنل اینڈ کلچرل بورڈ کے چیئرمین حسن ابراہیم ہوکل، گیگا گروپ کے حماد پردیسی، باہی عجمان پیلس ہوٹل کے جنرل منیجر افتخار ہمدانی، ڈیجیٹل ویژن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سید سلیم اختر، کراچی اسٹار ریسٹورنٹس کے مالک شاہد خان بنگش، سپر فکس کے چیئرمین نوید احمد، شارجہ سینٹر ادبی فورم کی صدر ڈاکٹر رحمینہ ظفر، پاکستان سپر مارکیٹ کے چیئرمین حاجی محمد یاسین، پاکستان ایجوکیشنل اینڈ کلچرل بورڈ کے وائس چیئرمین راشد اشرف اور ہادی گروپ کے سمیر ہادی نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے آرگنائزر کاشان تمثیل تھے، جبکہ معروف صحافی حافظ زاہد علی اور طاہرہ رحمان نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔ شرکاء ا نے تقریب کو پاکستانی کاروباری برادری کی کامیابیوں کو اجاگر کرنے کا اہم پلیٹ فارم قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے ایوارڈز نہ صرف کامیاب شخصیات کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں بلکہ نئی نسل کو محنت، لگن اور کاروباری میدان میں آگے بڑھنے کی ترغیب بھی دیتے ہیں۔ اس نوعیت کی تقریبات پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تجارتی و سماجی روابط کو مزید مستحکم بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

☆☆☆



ریاض حسین راہوجو: کردار کی عظمت، دیانتداری اور سماجی ذمہ داری کا فکری جائزہ۔۔۔!



''حقیقی انصاف نہ اندھی حمایت کا نام ہے، نہ بغیر ثبوت کی مخالفت کا''

تحریر: سجاد حسین شرخیر پور

کیا کسی انسان کے کردار، عزت اور شہرت کا فیصلہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں، ادھوری معلومات اور بے بنیاد الزامات کی بنیاد پر کیا جا سکتا ہے؟ کیا کسی شخصیت کے بارے میں رائے قائم کرنے سے پہلے حقائق کی چھان بین، دلائل کی پرکھ اور ثبوتوں کی تصدیق کرنا ہماری اخلاقی ذمہ داری نہیں ہے؟ اور کیا آزادیِ اظہار کا مطلب یہ ہے کہ کسی کی عزت و وقار کو بغیر کسی ثبوت کے مجروح کیا جائے؟ یہ سوالات صرف کسی ایک فرد کی ذات تک محدود نہیں، بلکہ ہمارے اجتماعی شعور، اخلاقی اقدار اور سماجی رویوں کی بھی عکاسی کرتے ہیں۔ کسی مہذب معاشرے کی پہچان صرف آزادیِ اظہار سے نہیں، بلکہ اس آزادی کے ذمہ دارانہ استعمال، سچ سے وابستگی اور انسانی وقار کے احترام سے ہوتی ہے۔ گزشتہ کچھ دنوں سے میرے محترم سینئر، جناب ریاض حسین راہوجو کے بارے میں سوشل میڈیا پر مختلف بحث و تحاریر میری نظر سے گزری ہیں۔ ان بحثوں نے مجھے یہ سوچنے پر مجبور کیا کہ کسی انسان کی شخصیت اور کردار کے بارے میں رائے قائم کرنے کے معتبر معیار کیا ہونے چاہئیں۔ کیا ہم حقائق اور دلائل کی روشنی میں فیصلہ کرتے ہیں، یا افواہوں، ذاتی پسند ناپسند اور دوسروں کے بیانات سے متاثر ہو کر کسی نتیجے پر پہنچ جاتے ہیں؟ اس پس منظر میں، میں جناب ریاض حسین راہوجو کے بارے میں اپنا ذاتی تجربہ اور مشاہدہ قارئین کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ میری اس تحریر کا مقصد کسی بھی تنقید کو بغیر جانچ کے رد کرنا یا کسی شخص کو احتساب سے بالاتر قرار دینا نہیں، بلکہ انصاف، غیر جانبداری اور ذمہ دارانہ اظہار کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ جناب ریاض حسین راہوجو سے میری پہلی واقفیت قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد میں ہوئی۔ ابتدائی ملاقاتوں سے ہی ان کی شخصیت میں شائستگی، انکساری، خوش اخلاقی اور وقار کی خوبیاں محسوس کیں۔ ان کی گفتگو میں سنجیدگی، دوسروں سے برتاؤ میں احترام اور اپنی ذمہ داریوں سے وابستگی نمایاں تھی۔ وقت گزرنے کے ساتھ ان کا پیشہ ورانہ رویہ، فرض شناسی اور کام سے لگاؤ کے بارے میں میرے مشاہدات مزید پختہ ہوتے گئے۔ میری نظر میں وہ ان لوگوں میں سے ہیں جو اپنی ذمہ داریوں کو صرف نوکری کا حصہ نہیں، بلکہ اپنی عملی زندگی کا اہم فریضہ سمجھتے ہیں۔ تاہم انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ کسی بھی شخص کے بارے میں ذاتی تجربہ اس کی پوری شخصیت کا حتمی فیصلہ نہ بنے، جیسے کسی دوسرے کی منفی رائے بھی معتبر ثبوتوں کے بغیر آخری سچ کا درجہ حاصل نہیں کر سکتی۔ پاکستان میں اپنے دورے کے دوران مجھے ایک ایسا تجربہ پیش آیا جس نے میرے ذاتی مشاہدے کو مزید معنویت عطا کی۔ میرا ایک رشتہ دار جو محکمہ صحت سے وابستہ ہے، اس نے ریاض حسین راہوجو کی محنت، قابلیت، ہمدردی اور ایمانداری کی تعریف کی۔ اس کا کہنا تھا کہ وہ ایک محنتی، باصلاحیت، ہمدرد اور ایماندار آفیسر ہے جو غریبوں اور سماج کے محروم طبقات کی مدد کے لیے ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ میں نے اس کی بات غور سے سنی لیکن اپنی ذاتی واقفیت کا ذکر نہیں کیا، تاکہ اس کی رائے میرے ذاتی تعلق سے متاثر ہونے کے بجائے اس کے آزاد مشاہدے کی عکاسی کرے۔ سوشل میڈیا جدید دور میں اظہار، معلومات کے تبادلے اور عوامی شعور کی بیداری کا ایک طاقتور ذریعہ بن چکا ہے۔ لیکن جب یہی ذریعہ بغیر تصدیق کے الزامات، گمراہ کن بیانات اور ذاتی دشمنی کے اظہار کے لیے استعمال ہو، تو اس کی افادیت ایک سنگین سماجی مسئلے میں بدل جاتی ہے۔ کیا کسی بات کو بار بار دہرانے سے وہ سچ بن جاتی ہے؟ کیا کسی تحریر کی مقبولیت اس میں بیان کردہ دعوؤں کی صداقت کا ثبوت ہے؟ یقیناً نہیں۔ افواہ کی گونج کتنی ہی بلند ہو، وہ حقیقت کا متبادل نہیں بن سکتی۔ سوشل میڈیا پر لکھا گیا ایک جملہ کسی انسان کی سالوں کی محنت، پیشہ ورانہ ساکھ، خاندان کی عزت اور ذاتی زندگی پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ اسی لیے کسی بھی خبر یا الزام کو آگے بڑھانے سے پہلے اس کے ماخذ، صداقت اور پس منظر کی چھان بین کرنا ہر ذمہ دار شہری کا اخلاقی فرض ہے۔ جناب ریاض حسین راہوجو کے بارے میں جاری بحث کو دیکھ کر یہ خدشہ پیدا ہوتا ہے کہ معاملہ صرف کسی فرد کے بارے میں اختلاف تک محدود نہیں، بلکہ اس ادارے کی ساکھ بھی متاثر ہو رہی ہے جس سے وہ وابستہ ہیں، یعنی پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (PPHI) جہاں وہ چیف آپریٹنگ آفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اگر تنقید کا مرکز کارکردگی کے بجائے مسلسل ذاتی الزامات اور شخصیت کو نشانہ بنانا بن جائے تو اس مہم کے مقصد اور طریقہ کار پر سوال اٹھنا فطری ہے۔ سی ایس ایس کا معاملہ: ان کی تقرری اور سی ایس ایس کے حوالے سے اٹھائے گئے سوالات پر بھی فکری وضاحت ضروری ہے۔ سی ایس ایس کیا ہے؟ یہ کوئی تعلیمی ڈگری نہیں، بلکہ پاکستان میں مخصوص سول سروس عہدوں کے لیے امیدواروں کے انتخاب کا ایک مسابقتی امتحان ہے۔ اس میں کامیابی امیدوار کے علم اور تجرباتی صلاحیت کو پرکھنے کا ایک عمل ہے، لیکن کسی امتحان میں کامیابی کسی انسان کو مافوق الفطرت نہیں بناتی، اور نہ ہی اس میں ناکامی کسی کی مجموعی ذہانت، محنت اور کردار کی نفی کا جواز بن سکتی ہے۔ ہر شعبے کی اپنی ضروریات اور تقرری کے ضوابط ہوتے ہیں، اس لیے اہلیت کا جائزہ متعلقہ قانون اور مقررہ قابلیت کی بنیاد پر لینا چاہیے۔ سرکاری افسران کی کارکردگی پر تنقید کرنا اور ان سے جواب دہی کا مطالبہ کرنا جمہوریت کا بنیادی اصول ہے۔ عوامی عہدہ صرف اختیار کا نام نہیں بلکہ اعتماد اور جواب دہی کی بڑی ذمہ داری بھی ہے۔ لیکن تنقید اور کردار کشی میں ایک واضح اخلاقی حد موجود ہے۔ ثبوتوں کی بنیاد پر کسی عمل پر تنقید کرنا جمہوری حق ہے، جبکہ بغیر ثبوت کے کردار پر الزام لگانا اس کی شہرت کو نقصان پہنچانا ہے۔ سندھ کو ایسے باصلاحیت اور ذمہ دار لوگوں کی ضرورت ہے جو اپنے علم اور محنت سے عوام کی خدمت کریں۔ اگر ہر اہل شخص کو یہ خوف رہے کہ اس کے کام کے نتائج پر دلائل سے بات کرنے کے بجائے اس کی ذاتی ساکھ کو نشانہ بنایا جائے گا، تو خدمت کا جذبہ کمزور ہوگا اور باصلاحیت افراد کی حوصلہ شکنی ہوگی۔ اظہارِ رائے کی آزادی ایک جمہوری معاشرے کا بنیادی حق ہے، لیکن اس کی اصل عظمت تب ظاہر ہوتی ہے جب اس کے ساتھ ذمہ داری کا احساس بھی موجود ہو۔ پاکستان میں الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کا قانون (PECA 2016) اور ہتک عزت سے متعلق قوانین اس بحث سے متعلق ہیں۔ ان قوانین پر عمل درآمد شفاف اور منصفانہ ہونا چاہیے تاکہ آن لائن زیادتیوں سے تحفظ بھی ملے اور جائز تنقید کا حق بھی برقرار رہے۔ آخر میں، کسی شخص کی حمایت کا مطلب اس کے ہر عمل کو تنقید سے بالاتر قرار دینا نہیں، جیسے کسی پر تنقید کا مطلب اس کی تمام خوبیوں کو نظرانداز کرنا بھی نہیں۔ جناب ریاض حسین راہوجو کے بارے میں میرا ذاتی تجربہ مثبت رہا ہے، لیکن میں اپنے ذاتی تجربے کو کسی جامع تحقیق کا متبادل نہیں سمجھتا۔ حقیقی انصاف نہ اندھی حمایت کا نام ہے، نہ ہی بغیر ثبوت کی مخالفت کا؛ حقیقی انصاف یہ ہے کہ ہر دعوے کو حقیقت کی کسوٹی پر پرکھا جائے، ہر اختلاف کو دلیل سے بیان کیا جائے اور ہر انسان کے ساتھ عزت، وقار اور انصاف والا برتاؤ کیا جائے۔

☆☆☆

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

ملازمین کو درپیش مسائل، ترقیوں میں تاخیر اور خالی آسامیوں کے حوالے سے آواز اٹھائی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اپیکا ڈویژن میرپورخاص کے صدر غلام مرتضیٰ ارباب نے کہا کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی آسامیاں کلرکوں کے لیے مختص ہیں، لہٰذا اہل کلرکوں کو ان عہدوں پر سینیارٹی اور متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق جلد از جلد ترقیاں دی جائیں تاکہ انہیں ان کے جائز حقوق مل سکیں۔ انہوں نے سیکریٹری تعلیم جناب زاہد علی عباسی کی ملازمین کی ترقیوں کے حوالے سے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ترقیوں کے عمل کو تیزی سے آگے بڑھا رہے ہیں اور اس سلسلے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی ٹی ایسوسی ایشن سندھ کے نائب صدر اے۔ بی۔ جروار نے کہا کہ کلرک سرکاری اداروں کے انتظامی نظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، لیکن افسوس کہ متعدد ملازمین طویل عرصے سے اپنی جائز ترقیوں کے منتظر ہیں۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

سے چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کر کے قانونی کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کرنے پر شہریوں نے ایس ایچ او ٹاؤن انسپکٹر غازی خان راجڑ اور ان کی پوری ٹیم کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ شہریوں نے پولیس کی عوام دوست پالیسی، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہتے ہوئے ایس ایچ او غازی خان راجڑ کو اجرک اور سندھی ٹوپی کا تحفہ پیش کیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹاؤن پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران کچھ عرصہ قبل چوری ہونے والی موٹر سائیکلیں برآمد کی تھیں، جنہیں ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیا گیا۔ اپنی موٹر سائیکلیں واپس ملنے پر مالکان نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ٹاؤن پولیس کی کوششوں کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ اس موقع پر موٹر سائیکل مالکان اور معززین شہر نے ٹاؤن تھانے پہنچ کر ایس ایچ او انسپکٹر غازی خان راجڑ کو سندھ کی ثقافت کی علامت اجرک اور سندھی ٹوپی پیش کی۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے اساتذہ کو پہلی تقرری کی تاریخ سے مستقل کرنے، کلسٹر پالیسی ختم کر کے پرائمری اسکولوں کی اصل حیثیت بحال کرنے اور تبادلوں کا شفاف نظام نافذ کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ اساتذہ رہنماؤں نے کہا کہ چہرے کی شناخت کے ذریعے حاضری کے نظام اور فریم (FRAMe) ایپ کی تکنیکی خامیاں دور کر کے اساتذہ کے جائز مسائل حل کیے جائیں۔ بائیومیٹرک حاضری میں تکنیکی غلطیوں کی بنیاد پر عائد کی جانے والی غیر منصفانہ سزائیں بھی واپس لی جائیں۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ اساتذہ کے جائز مطالبات کو نظرانداز کرنے کے بجائے فوری طور پر تسلیم کیا جائے۔ پ ٹ الف کی مرکزی قیادت نے مطالبات کی منظوری کے لیے احتجاجی تحریک شروع کر دی ہے، جس کے پہلے مرحلے میں تعلقہ سطح پر احتجاج کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاجی تحریک کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور مطالبات کی منظوری تک جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

یہ تفصیلات کے مطابق مرکزی تنظیم تاجران میرپورخاص کے صدر کامران میمن نے شہر میں شدید مہنگائی اور آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں دی کلو 170 روپے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، جبکہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث عام شہری اور متوسط طبقہ شدید پریشانی کا شکار ہیں انہوں نے آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور مہنگائی کے خلاف آئندہ روز پریس کانفرنس کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل اور مشکلات کو اجاگر کیا جائے گا تاکہ متعلقہ حکام کی توجہ اس سنگین صورتحال کی جانب مبذول کرائی جا سکے۔ مرکزی تنظیم تاجران میرپورخاص کی جانب سے مہنگائی اور آٹے کے بحران کے حوالے سے آئندہ لائحہ عمل پر بھی بات کیے جانے کا امکان ہے انہوں نے کہا کہ چکی ایسوسی ایشن کے ذمہ داران کے ساتھ ہنگامی پریس کانفرنس میں گندم کی فراہمی مشکلات اور محکمہ خوراک کے افسران کی نااہلی اور دیگر امور پر اور مشکلات پر لائحہ عمل دیا جائے گا تاکہ شہریوں کو اس مہنگائی کے طوفان میں دو وقت کی روٹی میسر آسکے

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

ہوئی اور مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی صادق فقیر چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ منتظمین کے مطابق ریلی میں زیادہ افراد نے شرکت کی۔ شرکاء نے قومی پرچم اور پینا فلیکس بینرز اٹھا رکھے تھے، جبکہ پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد اور ریاستِ پاکستان کے حق میں نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر شرکاء میں مٹھائیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ ریلی کے شرکاء نے ملک میں امن و امان کے قیام، قومی سلامتی کے تحفظ اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات میں پاک فوج کے کردار کو سراہتے ہوئے افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ مقررین اور شرکاء نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں ملکی دفاع، قومی سلامتی اور استحکام کے لیے کی جانے والی کوششوں پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شرکاء نے ٹی ایس ایم (TSM) کے خلاف بھی نعرے بازی کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ملکی امن، استحکام اور قومی یکجہتی کے لیے مثبت کردار ادا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ریلی کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ قومی اتحاد، باہمی احترام اور امن کے فروغ کے ذریعے ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال پاکستان کی بنیاد مزید مستحکم کی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

نہری کو لائن حاضر کرنے اور ضلع بدر کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ ایس ایس پی نے وکیل سرائی رحیم خاصخیلی کا نام مقدمے کے چالان سے خارج کرنے اور ان کے ساتھ ہونے والی مبینہ ناانصافی کے معاملے پر بار ایسوسی ایشن پہنچ کر وکلا سے ملاقات کرنے اور اختلافات دور کرنے کی بھی یقین دہانی کرائی۔ عمرکوٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ایڈووکیٹ اظہر آرائیں، جنرل سیکریٹری یوسف منگریو، میاں بخش کھوسو، ایڈووکیٹ پرشوتم کھتری، شریف بھیل، گلاب اوڈ، سکندر کھوسو، اعجاز ہالیپوٹو اور دیگر وکلا کی قیادت میں تیسرے روز مذاکرات میں پیش رفت کے بعد ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کیا گیا۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

نے 56 رنز، حمزہ سرور نے 55 رنز اور علی حیدر نے 29 رنز اسکور کیے عتیق احمد نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا ہدف کے تعاقب میں پاک فرمان کرکٹ کلب نے مقررہ 40 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 193 رنز اسکور کیے عتیق احمد نے 68 رنز اور سلمان خان نے 67 رنز اسکور کیے لاروش کرکٹ کلب کے کپتان راؤ وقار نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ میڈیا کوآرڈینیٹر کاشف احمد فاروقی، امپائرنگ کے فرائض جنید افضل اور زاہد اقبال نے سرانجام دیئے جبکہ محمد شعیب ناصر آفیشل اسکورر تھے راشد لطیف کرکٹ اکیڈمی گراؤنڈ پر یہ میچ کھیلے گئے۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

میں منعقد ہوگی، جس میں سندھ بھر کے 50 سے زائد اسکولوں کے ایک ہزار سے زائد کھلاڑی شرکت کریں گے۔ سندھ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کے صدر کامران قریشی کے مطابق چیمپئن شپ کے انعقاد کے تمام تر مراحل تیزی سے جاری ہیں اور ایونٹ کو کامیاب بنانے کے لیے انتظامی اور فنی تیاریاں جاری ہیں۔ چیمپئن شپ میں صوبے بھر کے اسکولوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان تائیکوانڈو کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے، جبکہ مقابلوں کے ذریعے نئے اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو سامنے آنے کا موقع بھی ملے گا۔ ایونٹ کو پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کی جانب سے باقاعدہ منظوری حاصل ہے۔ چیمپئن شپ کے لیے فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 اکتوبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

بار ایسوسی ایشن نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنے کی مجوزہ تجویز پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے آئین اور جمہوری روایات کے منافی قرار دیا ہے۔ میرپورخاص ہائی کورٹ بار میرپورخاص بار ایسوسی ایشنز کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق، کوئی بھی ایسا غیر معمولی آئینی اقدام جو صوبائی حکومت، صوبائی خودمختاری اور عوام کے جمہوری مینڈیٹ کو کمزور کرے، اسے سخت آئینی جانچ پڑتال سے گزرنا چاہیے۔ آئینِ پاکستان جمہوری حکمرانی، وفاقیت اور شہریوں کے بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، اور سیاسی مصلحت کے تحت ان اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان سیاسی اختلافات کا حل صرف آئینی گفت و شنید، پارلیمانی عمل اور جمہوری مکالمے کے ذریعے ہونا چاہیے، نہ کہ ایسے اقدامات سے جو نمائندہ اداروں کو کمزور کریں۔ اگرچہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ دہشت گردی کا خاتمہ کرے اور امن و امان برقرار رکھے، لیکن اس طرح کے تحفظات صوبائی خودمختاری کو کمزور کرنے یا عوام کے ووٹ کی توہین کا بہانہ نہیں بننے چاہئیں۔ میرپورخاص ہائی کورٹ اور ڈسٹرکٹ بار بار ایسوسی ایشنز نے وفاقی حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ خیبر پختونخوا کے عوام کے جمہوری مینڈیٹ کا احترام کریں، آئین کی بالادستی کو برقرار رکھیں اور ایسے کسی بھی اقدام سے گریز کریں جو سیاسی عدم استحکام کو بڑھائے۔ انصاف لائرز فورم ڈسٹرکٹ اور ڈویژن میرپورخاص ہائی کورٹ بار میرپورخاص ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشنز کے خلاف کنڈیم نیشن لیٹر کو خوش آئند قرار دیتے ہیں اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

ڈرائیوروں نے آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر دھنی بخش سولنگی، عارف بھنبھرو، حسین چانڈیو اور قائم خاصخیلی سمیت دیگر مظاہرین نے شرکت کی۔ احتجاج کے دوران مظاہرین نے مہنگائی کے خلاف شدید نعرے لگائے اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹس لے کر عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ آٹے کی قیمتوں میں اضافے نے غریب عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بنا دیا ہے۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

ہیں وہ دیں گے، آئی جی چیف سیکرٹری سے کہا ہے کہ پولیس کی تنخواہیں بڑھائیں، فورسز کے لیے شہداء کا پیکیج بڑھا رہے ہیں۔ گورنر کے پی نے کہا کہ وہ زمانے چلے گئے جب وفاق سے لڑا جاتا تھا، صوبے میں اندھیرا گزر گیا اب اجالا ہوگا، ہمیں پالیسی اسلام آباد سے آئے گی جلال آباد سے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کی جانب سے صوبے کو جدید بکتر بند گاڑیاں دی جا رہی تھیں مگر سابق حکومت نے وہ وصول نہیں کیں، وفاقی وزیر داخلہ نے بکتر بند گاڑیاں دی ہیں ہم نے وہ وصول کر لی ہیں کیونکہ ہم امن و امان پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ ہمارا فوکس صوبے کی ترقی اور امن و امان کا قیام ہے، کسی قسم کی توڑ پھوڑ یا ہنگامہ آرائی کی اجازت نہیں اور اگر کسی نے قانون ہاتھ میں لینے کی کوشش کی تو پھر اُسے کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔ گورنر کے پی نے کہا کہ ہمیں 13 سال کا گند صاف کرنا ہے اور کوشش ہوگی کہ اسے تین ماہ میں صاف کر دیں، ہم نے وفاق سے مقدمہ لڑا لیکن گزشتہ حکومت صوبے کا مقدمہ نہیں لڑ سکی، ہمیں وسائل کا علم ہے دلیل اور دلائل سے مقدمہ لڑیں گے۔ انہوں نے سوال کیا کہ یہ کیسی جمہوریت تھی جہاں عوام کو تحفظ تک نہیں تھا، پی ٹی آئی نے دہشتگردی کو سپورٹ کیا۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ جنہوں نے کرپشن کی ہے سب کا احتساب ہوگا، کرپشن کرنے والے گرفتار بھی ہوں گے سزائیں بھی ہوں گی، جن کے خلاف کیسز ہیں وہ مقدمات کا سامنا کریں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ لانگ مارچ والا کنٹینر بے یار و مددگار کھڑا ہے، وہ جس کا ہے آکر لے جائیں ورنہ ٹی ایم اے کو دے دیں گے۔ گورنر کے پی نے بتایا کہ ایپکس کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے غیر قانونی افغان مہاجرین کو ملک بدر کریں گے، کسی کے پاس کوئی دستاویزات نہیں ہوں گی وہ ملک بدر ہوگا۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

کی ساکھ اور مؤثریت میں اضافہ ہوگا اور صنعت کاروں، تاجروں، برآمد کنندگان اور سرمایہ کاروں کے مسائل کو مؤثر انداز میں حکومتی ایوانوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔ طارق حلیم نے کہا کہ ایس ایم تنویر صنعت و تجارت کے معاملات، کاروباری مشکلات اور ملکی معیشت کو درپیش چیلنجز کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، انہوں نے آئی پی پیز کے خلاف آواز بلند کی جس کے مثبت اثرات سامنے آئے، ان کی متوقع قیادت سے توقع ہے کہ ایف پی سی سی آئی کو ایک فعال، بااختیار اور نتیجہ خیز ادارہ بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل اور معاشی سرگرمیوں میں اضافے کے لیے مؤثر حکمت عملی مرتب کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ایف پی سی سی آئی کی اہمیت، نمائندہ حیثیت اور کاروباری برادری کے جائز حقوق کو تسلیم کرنا ہوگا، وفاقی چیمبر ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس، صنعتی انجمنوں اور تجارتی تنظیموں کی نمائندگی کرتا ہے، اس لیے حکومتی سطح پر معاشی فیصلے کرتے وقت اس ادارے کی تجاویز اور سفارشات کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

نتائج میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق شکایات پر تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق نیب کراچی نے کمیشن کے سیکریٹری کو نیب آرڈیننس 1999ء کی دفعات 18 (بی) اور 19 کے تحت نوٹس جاری کرتے ہوئے متعلقہ ریکارڈ طلب کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نیب نے ایس پی ایس سی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ گریڈ 18 یا اس سے اوپر کے ایسے افسر کو نامزد کیا جائے جو امتحانی قوانین و ضوابط سے مکمل واقفیت رکھتا ہو۔ مذکورہ افسر کو 20 اکتوبر 2026ء کو صبح 11 بجے نیب کراچی کے دفتر میں قائم مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کے سامنے بطور گواہ پیش ہو کر مطلوبہ ریکارڈ جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نیب نے تحقیقات کے سلسلے میں تمام امیدواروں کے انٹرویوز کی ویڈیو ریکارڈنگز اور انٹرویو پینل کے ارکان کی تفصیلات طلب کی ہیں۔ اس کے علاوہ تحریری امتحان اور زبانی انٹرویو میں نمبروں کی تقسیم، میرٹ مرتب کرنے کے لیے استعمال ہونے والے ریاضیاتی فارمولے اور متعلقہ ڈیٹا بھی فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ طلب کردہ ریکارڈ میں اسکریننگ ٹیسٹ اور تحریری امتحان میں شریک تمام کامیاب اور ناکام امیدواروں کا ڈیٹا، کوٹہ پالیسی کے قواعد، کامیاب امیدواروں کے تقرری کے پیشکش نامے اور ملازمت شروع کرنے سے متعلق رپورٹس بھی شامل ہیں۔ نیب نے مطلوبہ معلومات ورڈ، ایکسل اور پی ڈی ایف فارمیٹس میں فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ذرائع کے مطابق نیب کے نوٹس میں خبردار کیا گیا ہے کہ معلومات چھپانے، ریکارڈ میں ردوبدل کرنے یا تحقیقات میں رکاوٹ ڈالنے کی صورت میں متعلقہ قانون کے تحت کارروائی کی جا سکتی ہے۔ نوٹس میں نیب آرڈیننس کی دفعہ 31 کا حوالہ دیتے ہوئے قصوروار قرار پانے والوں کے لیے 10 سال تک قید کی سزا کا انتباہ بھی دیا گیا ہے۔ تاہم، بی سی ای 2023 میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق الزامات کی حتمی تصدیق تحقیقات اور متعلقہ ریکارڈ کے جائزے کے بعد ہی ہو سکے گی۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

ہے، تاہم فلور ملز ایسوسی ایشن نے خبردار کیا ہے کہ گندم کی دستیابی کا مسئلہ حل نہ ہوا تو آٹے کی قیمتوں میں دوبارہ اضافہ ہو سکتا ہے۔ فلور ملز ایسوسی ایشن سندھ کے وائس چیئرمین عابد محمود کے مطابق وزیر خوراک سندھ اور فلور ملز ایسوسی ایشن کے درمیان مذاکرات کے نتیجے میں عوام کو عارضی ریلیف دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت فیئر پرائس دکانوں پر آٹا 6 روپے فی کلو سستا فروخت کیا جائے گا۔ عابد محمود نے کہا کہ قیمت میں کمی کے باوجود گندم کی دستیابی فلور ملز کے لیے بڑا چیلنج ہے۔ اگر حکومت فلور ملز مالکان کو گندم درآمد کرنے کی اجازت دے تو اسے 100 روپے فی کلو تک درآمد کیا جا سکتا ہے، جس سے عوام کو نسبتاً سستا آٹا فراہم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ فلور ملز ایسوسی ایشن نے خبردار کیا ہے کہ گندم کی قلت دور نہ کی گئی تو آٹے کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

چارج سونپ دیا گیا ہے۔ محکمہ جامعات و بورڈز سندھ نے اس سلسلے میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے تحت ڈاکٹر وسیم قاضی فوری طور پر نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے اور مستقل وائس چانسلر کی تقرری تک عہدے کے فرائض انجام دیتے رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ نے کراچی میٹروپولیٹن یونیورسٹی کے انتظامی امور چلانے کے لیے ڈاکٹر وسیم قاضی کو اضافی ذمہ داریاں دینے کی منظوری دی۔ اس فیصلے کے بعد محکمہ جامعات و بورڈز نے ان کی تقرری سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کیا، جس کے تحت وہ کراچی میٹروپولیٹن یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر کی حیثیت سے فرائض انجام دیں گے۔ ڈاکٹر وسیم قاضی اس وقت جامعہ کراچی کے وائس چانسلر کے طور پر ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ انہیں کراچی میٹروپولیٹن یونیورسٹی کا اضافی چارج ملنے کے باوجود جامعہ کراچی میں ان کی موجودہ ذمہ داریاں برقرار رہیں گی۔ اس طرح وہ دونوں جامعات کے انتظامی امور کی نگرانی کریں گے۔ حکومت سندھ کے فیصلے کے مطابق کراچی میٹروپولیٹن یونیورسٹی میں مستقل وائس چانسلر کی تقرری تک ڈاکٹر وسیم قاضی اضافی چارج سنبھالے رکھیں گے۔ محکمہ جامعات و بورڈز کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے بعد انہیں نئی ذمہ داریاں فوری طور پر سونپ دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

کے بجائے مسئلے کا انسانی ہمدردی کی بنیاد پر حل نکالا جائے۔ سکھر ہاؤس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے کہا کہ پاکستان ریلوے ایک اہم قومی ادارہ ہے اور اس کے انتظامی اور قانونی تقاضے اپنی جگہ اہم ہیں، تاہم ریلوے اراضی سے متعلق کارروائی میں شہریوں کے بنیادی حقوق، رہائشی حالات اور انسانی وقار کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ متاثرہ خاندانوں کا مؤقف سنے اور قانونی حیثیت واضح کیے بغیر کوئی ایسا اقدام نہ کیا جائے جس سے انہیں ناقابل تلافی نقصان پہنچے۔ انہوں نے تجویز دی کہ ریلوے کوارٹرز کے معاملے کے حل کے لیے مقامی منتخب نمائندوں اور متعلقہ اداروں پر مشتمل مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

حملے میں 4 فلسطینی شہید ہوئے، جبکہ شہر کے جنوبی حصے میں واقع التفاح محلے میں ایک اور حملے کے نتیجے میں ایک فلسطینی جان سے گیا۔ اسرائیلی جنگی طیاروں نے شمالی غزہ میں 3 اور وسطی غزہ میں ایک مکان کو فضائی حملوں میں تباہ کر دیا جس سے درجنوں قریبی عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا جب کہ رہائشی علاقوں کو انخلا کی وارننگ جاری کی گئی تھی۔ برطانیہ، یونان، جرمنی، فرانس، اٹلی، آئرلینڈ سمیت متعدد یورپی ممالک میں فلسطین کی حمایت میں مظاہرے ہوئے۔ مظاہرین نے مختلف بینرز اٹھا رکھے تھے، جن پر برطانیہ سے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی بند کرنے، فلسطین کو آزاد کرنے اور غزہ کی پٹی میں فوجی آپریشن روکنے کے مطالبات درج تھے۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پولیس اور چھیپا حکام کے مطابق شارع نور جہاں پولیس نے نارتھ ناظم آباد بلاک ٹی میں ٹنکی گراؤنڈ کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران زخمی حالت میں ملزم عادل کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ اس کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد ہوا۔ دوسری کارروائی میں سرسید پولیس نے نارتھ کراچی سیکٹر C-11 میں مبینہ مقابلے کے دوران زخمی ملزم محمد ناصر سمیت دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ زخمی ملزم کو عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ دوسرے ملزم محمد راشد کو تھانے منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ ادھر شارع نور جہاں پولیس نے نارتھ ناظم آباد بلاک یو میں مبینہ مقابلے کے دوران ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جس کی شناخت صدام کے نام سے ہوئی۔ ملزم کو علاج کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے اس کے قبضے سے بھی اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

لے لیا۔ پولیس کے مطابق بوٹ بیسن تھانے کی حدود میں پیش آنے والے حادثے کی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ متوفی کی لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کی گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق شخص کے پاس سے کوئی ایسی چیز نہیں ملی جس سے اس کی شناخت ہو سکے۔ ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش شناخت کے لیے سرد خانے منتقل کر دی گئی۔

بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾

سیشن عدالت سے رجوع کرلیا۔ ملزمہ نے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 265 کے تحت بریت کی درخواست دائر کی ہے۔ عدالت نے درخواست پر ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کرلیا۔ ملزمہ کے وکیل میر ہدایت اللہ نے مؤقف اختیار کیا کہ مقدمے میں انمول پنکی کے خلاف ٹھوس شواہد موجود نہیں، اس لیے انہیں مقدمے سے بری کیا جائے۔ وکیل کے مطابق ملزمہ گزری میں درج تین مقدمات میں پہلے ہی بری ہو چکی ہیں۔ مقدمے میں ملزمہ کے دو مبینہ سہولت کار ضمانت پر رہائی کے بعد مفرور ہو چکے ہیں۔ واضح رہے کہ انمول پنکی کو مئی 2026 میں کراچی کے علاقے گارڈن میں کارروائی کے دوران گرفتار کیے جانے کی اطلاع سامنے آئی تھی۔ حکام نے ان کے قبضے سے منشیات اور اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ کیا تھا، تاہم ملزمہ نے پولیس کے دعوؤں کی تردید کی تھی۔

بقیہ نمبر 21 ﴿قوم کی آواز﴾

اورنگزیب نے بتایا کہ پاکستان نے رواں سال اپریل میں 75 کروڑ ڈالر کے پانڈا بانڈز نجی طور پر جاری کیے، جبکہ کریڈٹ انہانسمنٹ کے ذریعے چین کی پانڈا بانڈ مارکیٹ تک بھی کامیاب رسائی حاصل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین دنیا کی دوسری بڑی اور گہری بانڈ مارکیٹ ہے، اس لیے وہاں پانڈا بانڈز کا اجرا پاکستان کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ پاکستان نے تقریباً 3 ہفتے قبل 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز جاری کیے، جن کے لیے پیش کردہ حجم سے دو گنا طلب موصول ہوئی۔ اس اجرا میں ایشیا، مشرقِ وسطیٰ، یورپ اور امریکا کے سرمایہ کاروں نے حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے 4 سال کے وقفے کے بعد عالمی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی حاصل کی ہے۔ محمد اورنگزیب نے واضح کیا کہ پاکستان رواں مالی سال عالمی سرمایہ منڈیوں سے قرض لینے میں جلد بازی نہیں کرے گا، کیونکہ بیرونی مالیاتی ضروریات پوری کرنے کے لیے فی الحال وہاں سے قرض لینا لازمی نہیں۔ بانڈز کے اجرا کا وقت اور حجم، قیمت، قرض کی میعاد اور عالمی منڈیوں کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے طے کیا جائے گا۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ پاکستان کی درمیانی مدت کی حکمت عملی کے تحت اسلامی سکوک جاری کرنے کے لیے بھی مینڈیٹس دیے جا چکے ہیں۔ اس کے علاوہ پہلی مرتبہ ایسے بانڈز کے اجرا کے لیے بھی مینڈیٹس دیے گئے ہیں جن کی مالیت روپے میں ہوگی، لیکن ادائیگی ڈالر میں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کار ان بانڈز میں دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان ایک ارب ڈالر کے پانڈا بانڈ پروگرام کے تحت مزید بانڈز جاری کرنے کے لیے اقدامات کرے گا۔ پاکستان اب تک 25 کروڑ ڈالر کے پانڈا بانڈز جاری کر چکا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت پہلی مرتبہ اپنے موجودہ روپیہ بانڈز کی ڈیجیٹل ٹوکنائزیشن کے امکانات کا بھی جائزہ لے گی۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اگلے 2 سے 3 سال میں بعض مختصر مدت کے بیرونی قرضوں کو طویل میعاد کے قرضوں میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ اس اقدام سے قرضوں کی بار بار تجدید اور ادائیگی کے دباؤ میں کمی آئے گی۔ مختصر مدت کے قرضوں کی مسلسل ادائیگی اور دوبارہ قرض لینے کی ضرورت ملک کی کریڈٹ ریٹنگ کے لیے بھی سازگار نہیں۔

بقیہ نمبر 22 ﴿قوم کی آواز﴾

تشویشناک حالت میں سول اسپتال کراچی کے برنس وارڈ منتقل کر دیا گیا، جہاں دونوں کی حالت انتہائی نازک بتائی جاتی ہے۔ پولیس کے مطابق زخمی محنت کشوں کی شناخت جے کمار اور صحبت خان کے نام سے ہوئی ہے۔ جے کمار کا 91 فیصد سے زائد جبکہ صحبت خان کا 75 فیصد جسم جھلس چکا ہے۔ دونوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ جے کمار کے والد اشوک کے مطابق ان کا بیٹا کوئلے سے بجلی پیدا کرنے والی کمپنی میں کام کرتا ہے اور ایک بچی کا باپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے کمار دوسری مرتبہ کمپنی میں حادثے کا شکار ہوا ہے۔ اشوک نے بتایا کہ وہ سول اسپتال کے برنس وارڈ میں فراہم کیے جانے والے علاج سے مطمئن ہیں اور کمپنی کی جانب سے متعدد افراد ان سے بات چیت کے لیے آرہے ہیں، تاہم ان کی اولین ترجیح بیٹے کی جان بچانا ہے، جس کے بعد وہ کمپنی انتظامیہ سے بات کریں گے۔ زخمی محنت کشوں کی جان بچانے کے لیے علاج جاری ہے، جبکہ حادثے کی وجوہات اور کمپنی انتظامیہ کی ذمہ داری کے حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ نمبر 23 ﴿قوم کی آواز﴾

تنخواہوں و پنشن میں اضافہ نہ ہونے کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی۔ وائس چیئرمین آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن، حیدرآباد ڈویژن سندھ، سید عنایت حسین شاہ کی قیادت میں نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے پریس کلب ٹھٹھہ کے سامنے نعرے بازی کی اور پاکستان، افواج پاکستان اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر سے اظہار یکجہتی کیا۔ ریلی کے قائدین اور مسیحی برادری کے نمائندوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی ٹھٹھہ کے ریٹائرڈ ملازمین کو 2018ء سے 2026ء تک ریٹائرمنٹ کے واجبات ادا نہیں کیے گئے، جبکہ شدید مہنگائی کے باوجود تنخواہوں اور پنشن میں بھی اضافہ نہیں کیا گیا، جس کے باعث ریٹائرڈ ملازمین کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر سے مطالبہ کیا کہ ریٹائرڈ ملازمین کے مسائل کا فوری نوٹس لیا جائے، ان کے واجب الادا ریٹائرمنٹ واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی جائے اور تنخواہوں و پنشن میں اضافے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 24 ﴿قوم کی آواز﴾

پاکستان (ڈریپ) نے ادویات کی شناخت اور نگرانی کا نظام نافذ کر دیا ہے۔ نئے نظام کے تحت ادویات کے پیکٹ پر منفرد دو رخی رمز اور سیریل نمبر درج کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے، جبکہ مقررہ شرائط پوری کیے بغیر ادویات کی درآمد اور فروخت پر پابندی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق ڈریپ نے دوا ساز کمپنیوں اور درآمد کنندگان کو رمز اور سیریل نمبر درج کرنے کے حوالے سے حتمی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ اس نظام کا اطلاق انسانی اور حیوانی ادویات تیار کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ ادویات کے درآمد کنندگان پر بھی ہوگا۔ ڈریپ کی جانب سے جاری مراسلے میں فارماسیوٹیکل، حیاتیاتی اور حیوانی ادویات کے درآمد کنندگان، پاکستان فارما مینوفیکچررز ایسوسی ایشن، فارما بیورو، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور چاروں صوبوں کے محکمہ ہائے صحت کو نظام پر عمل درآمد کے حوالے سے آگاہ کیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق ادویات کے پیکٹ پر دو رخی رمز درج کرنے کا عمل مرحلہ وار شروع کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں مقامی طور پر تیار ہونے والی اور درآمد شدہ ادویات پر منفرد رمز اور سیریل نمبر درج کرنا لازم ہوگا۔ جمعہ 9 اکتوبر سے یہ شرط نافذ ہو چکی ہے، تاہم اس تاریخ سے پہلے تیار یا درآمد کیے گئے ادویات کے ذخائر کو اس شرط سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ ڈریپ نے واضح کیا ہے کہ دوا ساز کمپنیوں اور درآمد کنندگان کو نظام کی تکنیکی شرائط پر عمل کرنا ہوگا، جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق نظام کے نفاذ کے لیے بنیادی ضابطہ جاتی اقدامات مکمل کر لیے گئے ہیں اور اس سلسلے میں دوا ساز کمپنیوں اور درآمد کنندگان سے مشاورت بھی کی گئی تھی۔ وفاقی کابینہ ٹریک اینڈ ٹریس نظام کے نفاذ کی منظوری دے چکی ہے۔ ڈریپ کے مطابق اس اقدام کا مقصد جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات کی روک تھام، ادویات کی ترسیل کے نظام میں شفافیت اور سپلائی چین کی نگرانی کو مؤثر بنانا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ پیکٹ پر موجود دو رخی رمز کے ذریعے صارفین دوا سے متعلق معلومات کی تصدیق بھی کر سکیں گے، جن میں دوا کی میعاد، استعمال اور قیمت سے متعلق تفصیلات شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 25 ﴿قوم کی آواز﴾

بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے بالخصوص اقتصادی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے ساتھ ساتھ باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں اشتراک بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ ناروے کے ساتھ قابلِ تجدید توانائی اور موسمیاتی تعاون کے فروغ پر زور۔ ناروے کے نامزد سفیر سگولاٹ ہاؤگے سے گفتگو کرتے ہوئے صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور ناروے کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے 2022ء میں پاکستان میں آنے والے تباہ کن سیلابوں کے دوران ناروے کی جانب سے فراہم کی جانے والی معاونت کو سراہا۔ صدر مملکت نے اپریل 2026ء میں موسمیاتی تعاون کے حوالے سے دونوں ممالک کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کا خیرمقدم کیا۔

بقیہ نمبر 26 ﴿قوم کی آواز﴾

کا دورہ کیا، جہاں سرمایہ کاری، جدید زرعی طریقوں اور کاروباری شراکت داری کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ پاکستان رومانیہ بزنس کونسل کے مطابق وفد کی قیادت عاطف فاروقی نے کی، جو وفد کے سربراہ ہونے کے ساتھ سندھ میں رومانیہ کے نامزد اعزازی قونصل بھی ہیں۔ دورے کے دوران پاکستانی وفد کو فارم کے انتظامی ڈھانچے، مویشیوں کی افزائش، جدید زرعی طریقوں اور دودھ کی پیداوار کے نظام کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ حکام کے مطابق فارم تقریباً 7 ہزار ہیکٹر رقبے پر قائم ہے اور نسل در نسل چلنے والا خاندانی کاروبار ہے۔ فارم میں مویشیوں کے لیے درکار اناج اور سائیلج خود کاشت کیا جاتا ہے، جبکہ اضافی زرعی پیداوار مقامی منڈی میں فروخت کر دی جاتی ہے۔ فارم میں دودھ دینے والی ہولسٹین نسل کی تقریباً 7 ہزار گائیں موجود ہیں، جبکہ گوشت کی پیداوار کے لیے بھی مویشی پالے جاتے ہیں۔ فارم کے انتظامی اور پیداواری امور جدید کمپیوٹرائزڈ نظام کے ذریعے چلائے جاتے ہیں، جس سے مویشیوں کی نگہداشت، خوراک اور دودھ کی پیداوار کی نگرانی کی جاتی ہے۔ فارم انتظامیہ نے پاکستانی وفد کو بتایا کہ روزانہ مخصوص ٹینکروں کے ذریعے خام دودھ رومانیہ کے شہر براسوو میں قائم ایک بڑی ڈیری فیکٹری کو فراہم کیا جاتا ہے۔ فارم میں بڑے بائیو گیس پلانٹ کی تنصیب کا منصوبہ بھی جاری ہے، جس کے جلد فعال ہونے کی توقع ہے۔ دورے کے دوران پاکستانی کاروباری اداروں کے لیے رومانیہ کے ڈیری اور زرعی شعبوں میں تربیت یافتہ افرادی قوت فراہم کرنے اور فارم کی توسیع کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس تعاون سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط اور زرعی کاروبار کو فروغ دینے کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 27 ﴿قوم کی آواز﴾

30 سے 35 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ کمشنر کراچی کے جاری کردہ نرخ نامے کے مطابق چکی کے آٹے کی سرکاری قیمت 145 روپے فی کلو مقرر ہے، تاہم بازار میں یہ 200 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے، جس کے باعث شہریوں کو فی کلو 55 روپے اضافی ادا کرنا پڑ رہے ہیں۔ اسی طرح ہول سیل مارکیٹ میں فائن آٹے کی مقررہ قیمت 132 روپے فی کلو ہے، لیکن یہ 176 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے۔ راشن والا آٹا ہول سیل مارکیٹ میں 161 روپے جبکہ پرچون بازار میں 168 روپے فی کلو دستیاب ہے۔ آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ روٹی بھی مہنگی ہوگئی ہے اور مختلف مقامات پر 30 سے 35 روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔ فلور ملز مالکان کی جانب سے سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی نہ ہونے کے باعث قیمتوں پر قابو پانے میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ دوسری جانب بلوچستان میں گندم کی قلت کے باعث آٹے کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ تین ماہ قبل 6 ہزار روپے میں ملنے والا 50 کلو آٹے کا تھیلا اب 8 ہزار روپے تک پہنچ گیا ہے، جبکہ صوبے کے بعض علاقوں میں آٹے کی دستیابی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ ملتان میں گندم کی قیمت 5 ہزار 400 روپے فی من تک پہنچنے کے باعث آٹا 150 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے۔ قیمتوں میں اضافے سے روٹی 15 روپے سے بڑھ کر 25 روپے اور نان 25 روپے سے بڑھ کر 30 روپے کا ہو گیا ہے۔ شہریوں کے مطابق 15 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت بھی 1700 روپے سے بڑھ کر 2200 روپے تک پہنچ چکی ہے۔ فیصل آباد میں چکی مالکان نے آٹے کی قیمت 150 روپے سے بڑھا کر 160 روپے فی کلو کر دی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ گندم 5 ہزار 500 روپے فی من فروخت ہو رہی ہے، جبکہ حکومت سرکاری نرخوں پر گندم فراہم کرے تو آٹے کی قیمت میں کمی ممکن ہے۔ حافظ آباد میں بھی شہری مہنگائی سے پریشان ہیں۔ ان کے مطابق 1100 روپے والا سبسڈی آٹے کا تھیلا دستیاب نہیں، جبکہ 10 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 1400 روپے سے بڑھ کر 1600 روپے تک جا پہنچی ہے۔

بقیہ نمبر 28 ﴿قوم کی آواز﴾

قبل 500 سے زائد کاٹن جننگ فیکٹریاں اور 200 کے قریب ٹیکسٹائل ملیں بند ہو چکی ہیں۔ پیداواری لاگت حریف ممالک کے برابر نہ ہونے کے باعث مقامی کاٹن صنعت کی بقا کو شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے کپاس اور کاٹن صنعت کی فوری بحالی کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے کسان دوست اور صنعت کے فروغ کے لیے سازگار پالیسیاں متعارف کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ناموافق موسمی حالات کے باعث روئی کا معیار متاثر ہونے سے اس کی درآمدات اور قیمتوں میں اضافے کا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ دوسری جانب پاکستان میں صنعتوں کے لیے بجلی و گیس کے نرخ، قرضوں پر شرح سود اور ٹیکسوں کی موجودہ شرحیں عالمی سطح پر بلند ہیں، جس کے باعث پیداواری لاگت خطے کے حریف ممالک کے مقابلے میں زیادہ ہوگئی ہے۔ احسان الحق کے مطابق پیداواری لاگت میں اضافے کے باعث گزشتہ کئی برس سے برآمدات میں کمی اور درآمدات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ مقامی کاٹن صنعت کی مسلسل زبوں حالی کے نتیجے میں ابتدائی طور پر 500 سے زائد جننگ فیکٹریاں اور تقریباً 200 ٹیکسٹائل ملیں غیر فعال ہوئیں، جبکہ اب فیصل آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں 40 فیصد سے زائد پاور لومز بھی بند ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی شعبوں میں غیر فعالیت بڑھنے سے بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ مجموعی قومی پیداوار اور معاشی شرح نمو بھی متاثر ہو رہی ہے۔ ان مسائل پر قابو پانے کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو ہنگامی اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ صنعتی پیداواری لاگت کم کر کے بند صنعتوں کو دوبارہ فعال بنایا جا سکے اور وہ ملکی معیشت کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم نے مزید بتایا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار اکتوبر کے دوسرے ہفتے تک رحیم یار خان سمیت مختلف علاقوں میں درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا، جس کے کپاس کی فصل پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

بقیہ نمبر 29 ﴿قوم کی آواز﴾

ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن بلیو ایریا کے صدر یوسف راجپوت، جناح سپر مارکیٹ کے صدر اسد عزیز، جی الیون مرکز کے صدر نعیم اختر اعوان، ای الیون کے صدر ظاہر عباسی سمیت دیگر نمایاں کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء نے اسلام آباد سے کنٹینرز ہٹانے کے عمل کے آغاز، سڑکوں پر قائم رکاوٹوں کے خاتمے اور وفاقی دارالحکومت کی مجموعی صورتحال میں بہتری پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہر میں معمولاتِ زندگی کی بحالی اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لیے اقدامات کرنے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے احسن ظفر بختاوری نے کہا کہ اسلام آباد کے شہریوں اور تاجروں نے گزشتہ کئی ہفتوں کے دوران سڑکوں کی بندش، سیکیورٹی ناکوں اور آمد و رفت پر پابندیوں کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کو عملاً کنٹینرز کا شہر بنا دیا گیا تھا، جس سے کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہوئیں اور روزمرہ زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی۔ انہوں نے کہا کہ طویل عرصے تک جاری رہنے والی اس صورتحال سے نہ صرف تاجر برادری کو مالی نقصان پہنچا بلکہ اسلام آباد اور پاکستان کی ساکھ بھی متاثر ہوئی۔ وفاقی دارالحکومت ہونے کے ساتھ ساتھ اسلام آباد سفارتی اور معاشی سرگرمیوں کا ایک اہم مرکز ہے۔

بقیہ نمبر 30 ﴿قوم کی آواز﴾

خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی بندش میں مزید 24 گھنٹے کی توسیع کر دی گئی ہے، جس کے باعث پاکستان سے سعودی عرب جانے والی پروازوں کا شیڈول متاثر ہوا ہے۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق سعودی عرب کے لیے فضائی آپریشن تاحال غیر یقینی صورت حال کا شکار ہے۔ سعودی جنرل اتھارٹی برائے شہری ہوابازی کی جانب سے جاری نئے نوٹس ٹو ایئر مین (نوٹم) کے مطابق ریاض ایئرپورٹ کی بندش میں توسیع کر دی گئی ہے۔ حکام کے مطابق اس دوران ریڈار اور مواصلاتی نظام کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ایئرپورٹ کی بندش کے باعث ریاض کے لیے پاکستان کے مختلف ہوائی اڈوں سے روانہ ہونے والی متعدد پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ریاض کے لیے مجموعی طور پر 32 پروازیں منسوخ ہوئیں، جبکہ ایک دوسری رپورٹ میں منسوخ پروازوں کی تعداد 34 بتائی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی سے 6، اسلام آباد سے 4، لاہور سے 12 اور پشاور سے 2 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ لاہور سے ریاض جانے والی نجی ایئرلائنز کی پروازیں ایکس وائے 318، ایف تھری 656 اور پی اے 580، جبکہ دمام جانے والی ایکس وائے 884 بھی منسوخ کر دی گئی۔ ریاض ایئرپورٹ کی بندش کے اثرات جدہ، مدینہ اور دمام کے فضائی آپریشن پر بھی پڑے ہیں، جس کے باعث متعدد پروازیں منسوخ اور تاخیر کا شکار ہوئیں۔ تاہم دمام ایئرپورٹ کا فضائی آپریشن 6 گھنٹے کی بندش کے بعد بحال کر دیا گیا ہے، لیکن مجموعی طور پر سعودی عرب کے لیے پروازوں کا شیڈول غیر یقینی ہے۔ ایئرپورٹ ذرائع نے سعودی عرب جانے والے پاکستانی مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ سفر سے قبل متعلقہ ایئرلائن سے پرواز کی تازہ صورت حال معلوم کر لیں اور ایئرپورٹ روانہ ہونے سے پہلے اپنے ٹکٹ اور پرواز کے اوقات کی تصدیق ضرور کریں۔

بقیہ نمبر 31 ﴿قوم کی آواز﴾

تبادلے کے دوران 48 زخمی ڈاکوؤں سمیت 60 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے مختلف اقسام کے 59 غیر قانونی ہتھیار، 2 کاریں اور 22 موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں، جبکہ شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 140 سے زائد غیر قانونی ہتھیار اور گولیاں بھی تحویل میں لی گئیں۔ پولیس نے منشیات کے خلاف مہم کے دوران لاکھوں روپے مالیت کی 93 کلو 813 گرام چرس اور 4 کلو 705 گرام آئس برآمد کی، جبکہ ہیروئن بھی قبضے میں لی گئی۔ کارروائیوں کے دوران چھینی اور چوری شدہ 29 موٹر سائیکلیں اور 7 گاڑیاں بھی برآمد کی گئیں۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ کراچی پولیس نے جرائم کے خاتمے، امن و امان کی بحالی اور شہریوں کے تحفظ کے لیے کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 32 ﴿قوم کی آواز﴾

باہمی مفاد کے لیے قابلِ عمل کاروباری ماڈلز، مشترکہ منصوبوں، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار چین کی پانچ رکنی کاروباری و سرمایہ کاری وفد کے استقبال کے موقع پر کیا، جس کی قیادت مس سنڈی چن کر رہی تھیں جو چینی کاروباری شخصیات کے پاکستان، بالخصوص آئی سی سی آئی، کے دوروں کا باقاعدگی سے اہتمام کرتی ہیں تاکہ وہ یہاں تجارتی تعاون اور کاروباری ترقی کے مواقع تلاش کر سکیں۔ محمد زکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ چین نہ صرف پاکستان کا قابلِ اعتماد اسٹریٹجک شراکت دار ہے بلکہ ٹیکنالوجی، صنعتی مہارت اور جدید مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں بھی ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی دیرینہ دوستی کو ٹھوس معاشی فوائد میں تبدیل کرنے کے لیے کاروباری اداروں کے درمیان براہِ راست روابط، کاروباری شخصیات کی باہمی ملاقاتوں اور قابلِ عمل مشترکہ منصوبوں کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا تزویراتی محل وقوع، وسیع ہوتی صارفین کی مارکیٹ، کاروباری صلاحیتیں اور سرمایہ کاری کے امکانات چینی کمپنیوں کے لیے پرکشش مواقع فراہم کرتے ہیں۔ چینی سرمایہ کار آئی سی سی آئی کے پلیٹ فارم کو استعمال کرتے ہوئے پاکستانی مارکیٹ میں اپنی موجودگی بڑھا سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 33 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق 2022 کے مقابلے میں نئے کیسز میں تقریباً 77 فیصد اضافہ ہو سکتا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق 2022 میں دنیا بھر میں کینسر کے تقریباً 2 کروڑ نئے کیسز سامنے آئے، جبکہ اس مرض کے باعث تقریباً 97 لاکھ افراد جان سے گئے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق ہر پانچ میں سے تقریباً ایک شخص کو زندگی میں کسی نہ کسی مرحلے پر کینسر لاحق ہونے کا خدشہ ہے۔ اسی طرح تقریباً ہر نو میں سے ایک مرد اور ہر 12 میں سے ایک خاتون کی موت کینسر کے باعث ہو سکتی ہے۔ رپورٹ میں کینسر کے بڑھتے ہوئے بوجھ کی بڑی وجوہات میں عالمی آبادی میں اضافہ، عمر رسیدہ افراد کی تعداد بڑھنا اور بیماری کے خطرے سے متعلق عوامل میں تبدیلی شامل ہیں۔ ماہرین کے مطابق تمباکو نوشی، شراب نوشی اور موٹاپا بھی کینسر کے اہم خطرات میں شمار ہوتے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق 2022 میں پھیپھڑوں کا کینسر دنیا بھر میں سب سے زیادہ تشخیص ہونے والا کینسر تھا، جس کے تقریباً 25 لاکھ نئے کیسز سامنے آئے۔

بقیہ نمبر 34 ﴿قوم کی آواز﴾

جریدے ''دی لانسیٹ'' میں شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ اگر ان خطرات سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والی نسلوں کی صحت اور زندگی شدید متاثر ہو سکتی ہے۔ رپورٹ میں انسانیت کے لیے 17 بڑے تباہ کن خطرات کی نشاندہی کی گئی ہے، جن کا تعلق بیماریوں، سماجی و معاشی حالات، ماحولیاتی تبدیلیوں، ٹیکنالوجی اور تنازعات سے ہے۔ ان میں مصنوعی ذہانت کے غلط استعمال اور جوہری تنازع کو دو بڑے خطرات قرار دیا گیا، جبکہ انسانی صحت کے لیے مزید 15 سنگین خطرات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ تحقیق کے لیے 204 ممالک اور خطوں میں سیکڑوں ممکنہ خطرات کا جائزہ لیا گیا۔ ان میں فضائی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، شراب نوشی، متعدی وبائیں، موٹاپا، تمباکو نوشی اور ذہنی صحت کے مسائل شامل ہیں۔ محققین نے عالمی رہنماؤں کو خبردار کیا کہ انسانیت کی بقا اور صحت کو لاحق سنگین خطرات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، اس لیے ان سے نمٹنے کے لیے مختلف شعبوں میں مربوط اقدامات ضروری ہیں۔ ان کے مطابق صحت، معیشت، ماحولیات، دفاع اور سلامتی سے متعلق آج کیے جانے والے فیصلے مستقبل کی نسلوں کی صحت پر گہرے اثرات مرتب کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق محققین نے ان خطرات کے باعث بیماری، معذوری اور قبل از وقت اموات کی صورت میں صحت مند زندگی کے ضائع ہونے والے برسوں کا تخمینہ بھی لگایا۔ ان کا کہنا ہے کہ طبی نظام کو بہتر بنانے اور ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کی ضرورت ہے۔ محققین نے خبردار کیا کہ ان خطرات سے نمٹنے میں تاخیر مستقبل میں نقصان کی شدت بڑھا سکتی ہے۔ تاہم رپورٹ کے مطابق یہ تباہ کن نتائج ناگزیر نہیں اور مؤثر حکمت عملی، بروقت فیصلوں اور عالمی تعاون کے ذریعے خطرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 35 ﴿قوم کی آواز﴾

مقابلے کے بعد زخمی حالت میں ایک ملزم سمیت دو مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق اقبال مارکیٹ تھانے کو شاہین فورس اور نگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ میں اسٹار گراؤنڈ مرکزی قبرستان کے قریب کارروائی کی۔ مبینہ مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار ملزم کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی ملزم کی شناخت شاہ رخ بیگ ولد عرفان بیگ کے نام سے ہوئی، جبکہ دوسرے گرفتار ملزم نے اپنا نام اسلم پرویز بتایا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 36 ﴿قوم کی آواز﴾

اور صدام کے ناموں سے ہوئی ہے۔ چھیپا ذرائع کے مطابق اورنگی ٹاؤن سیکٹر 11.5 میں مرکزی قبرستان کے قریب پولیس مقابلے میں 38 سالہ شاہ رخ بیگ ولد عرفان بیگ زخمی ہوا، جسے چھیپا ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ کورنگی کے علاقے بھٹائی کالونی سیکٹر ای میں سیوریج پمپ کے قریب مقابلے میں 24 سالہ محمد قاسم ولد عبداللہ زخمی ہوگیا، جسے جناح اسپتال پہنچایا گیا۔ منگھوپیر میں اجتماع گاہ کے قریب پرانے شنواری ریسٹورنٹ کے نزدیک پولیس مقابلے میں 28 سالہ احمد علی خان ولد حضور بخش زخمی ہوا، جسے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ نارتھ کراچی سیکٹر C2-11 میں گرلز کالج کے قریب مقابلے میں 38 سالہ ناصر ولد سعید زخمی ہوا، جبکہ نارتھ ناظم آباد بلاک بی میں ریلوے پھاٹک کے قریب مقابلے کے دوران 27 سالہ ارشد ولد اکرم زخمی ہوگیا۔ دونوں کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ اسی طرح نارتھ ناظم آباد بلاک ٹی میں ٹنکی گراؤنڈ کے قریب پولیس مقابلے میں 26 سالہ عادل ولد زمین خان اور بلاک یو میں مرکزی سڑک پر کے ڈی اے گراؤنڈ کے قریب مقابلے میں 25 سالہ صدام ولد سائیں داد زخمی ہوئے۔ دونوں کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس مقابلوں اور زخمی ملزمان سے متعلق مزید تفصیلات فوری طور پر سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ نمبر 37 ﴿قوم کی آواز﴾

پیدائش کا اعلان کرتے ہوئے نومولود بیٹے کا نام محمد حمدان رکھنے کا انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسپتال سے ایک تصویر شیئر کی، جس میں وہ اپنے نومولود بیٹے کو گود میں لیے بیڈ پر بیٹھی نظر آرہی ہیں۔ تصویر میں بچے کا چہرہ ایموجی سے چھپایا گیا ہے۔ نیلم منیر نے تصویر کے ساتھ اپنے پیغام میں لکھا کہ یہ وہ لمحہ ہے جب وہ کسی کی پوری دنیا بن گئیں۔ انہوں نے اپنے بیٹے کو اپنی قبول ہونے والی دعا اور زندگی کی سب سے بڑی نعمت قرار دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اداکارہ کی جانب سے بچے کی پیدائش کا اعلان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب سوشل میڈیا پر اس حوالے سے مختلف قیاس آرائیاں جاری تھیں۔ اس سے قبل ان کے شوہر کے ایک قریبی دوست نے بھی سوشل میڈیا پر مبارک باد کا پیغام شیئر کیا تھا۔ واضح رہے کہ نیلم منیر نے جنوری 2025ء میں دبئی میں مقیم پاکستانی کاروباری شخصیت محمد راشد سے شادی کی تھی۔ اداکارہ اپنی نجی زندگی کو میڈیا کی توجہ سے دور رکھتی ہیں اور شادی کے بعد سے ڈراموں میں بھی نظر نہیں آئیں۔

بقیہ نمبر 38 ﴿قوم کی آواز﴾

ہیں۔ ایس ایم تنویر کی قیادت میں یو بی جی ملک بھر کے صنعت کاروں اور تاجروں کے مسائل کے حل اور اقتصادی استحکام کے لیے پرعزم ہے

بقیہ نمبر 39 ﴿قوم کی آواز﴾

روابط اور عالمی امن کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ گورنر سندھ نے جامعۃ الغزالی کے چانسلر مفتی عبدالرحیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے امت مسلمہ کے علمائے کرام اور علمی قیادت کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے شاندار کام کیا ہے۔ آج یہاں اسلامی دنیا کے نمائندے اور علم کے موتی جمع ہیں، جبکہ یہ دن کراچی کے لیے ایک یادگار دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جامعۃ الغزالی میں عالمِ اسلام کی علمی قیادت کا اجتماع ایک نئے دور کا آغاز ہے، جہاں علم کے مراکز کو قریب لانے اور باہمی تعاون کے نئے امکانات پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ ہم سب عربی زبان کو سمجھنے اور بولنے کے قابل ہوں تاکہ اسلامی تعلیمات کو بہتر طور پر سمجھا اور ان سے استفادہ کیا جا سکے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ قرآن کریم اور تعلیماتِ نبوی ہمیں اتحاد، بھائی چارے، امن اور محبت کا درس دیتی ہیں۔ ہم سب مسلمان ایک قوم ہیں اور ہماری کامیابی باہمی اتحاد اور مشترکہ جدوجہد میں ہے۔ مسلم دنیا کو اپنے علمی ورثے سے استفادہ کرتے ہوئے جدید علوم، تحقیق اور ٹیکنالوجی کے میدانوں میں آگے بڑھنا ہوگا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی، خودمختاری اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔

بقیہ نمبر 40 ﴿قوم کی آواز﴾

ایسوسی ایشن مرتضیٰ شاہ شیرازی سمیت سندھ حکومت کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے سینئر افسران، محکمہ تعلیم کے پروفیسرز، اساتذہ اور خاندان کے معززین کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور رفیعہ جاوید کو مبارکباد و گلدستے پیش کیے۔

بقیہ نمبر 41 ﴿قوم کی آواز﴾

مقدار تشویش ناک حد تک بڑھ رہی ہے۔ خاص طور پر LDL کولیسٹرول، جسے عام طور پر خراب کولیسٹرول کہا جاتا ہے، دل کی شریانوں میں چکنائی جمع ہونے کا سبب بنتا ہے۔ اس سے شریانیں تنگ ہو سکتی ہیں اور دل کے دورے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ طبی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ غیر متوازن غذا، چکنائی سے بھرپور کھانے، جسمانی ورزش کی کمی اور دیگر عوامل امراض قلب میں اضافے کا سبب بن رہے ہیں۔ اس صورتِ حال پر قابو پانے کے لیے لوگوں میں آگاہی پیدا کرنا اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانا ضروری ہے۔ ماہرین کے مطابق کولیسٹرول کی بروقت جانچ، متوازن غذا، باقاعدہ ورزش اور ڈاکٹر کے مشورے سے علاج دل کی بیماریوں سے بچاؤ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جن افراد میں کولیسٹرول کی مقدار زیادہ ہو، انہیں اپنی صحت پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دل کی بیماریوں کے خطرات کو کم کرنے کے لیے عوام کو چکنائی کے استعمال میں احتیاط، وزن پر قابو اور جسمانی سرگرمیوں کو معمول بنانا چاہیے۔ نوٹ: تصویر میں خبر کے کئی حصے بہت چھوٹے ہیں، اس لیے یہ مکمل لفظ بہ لفظ نقل نہیں ہے۔ اصل خبر کے تمام اعداد و شمار، ناموں اور طبی تفصیلات کی درست نقل کے لیے زیادہ واضح تصویر درکار ہوگی۔

بقیہ نمبر 42 ﴿قوم کی آواز﴾

ہیں۔ انہوں نے باقاعدہ مالیاتی تعلیم، صارفین کے تحفظ اور جامع شرعی نگرانی کی اشد ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے دیوان یوسف فاروقی نے ''فرسٹ اسلامک بٹ کوائن'' (i1BTC) کا تصور پیش کیا، جو بٹ کوائن کے نظام کو ایک نئے انداز میں پیش کرنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے ''پروف آف ورک'' (PoW) ماڈل پر مبنی نظام کا ذکر کیا، جس میں توانائی، کمپیوٹنگ اور مائننگ کے اخراجات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد سود سے پاک، شفاف اور منصفانہ مالیاتی نظام کی تشکیل ہے۔ ان کے مطابق عملی انفراسٹرکچر کے قیام کے لیے ابتدائی سرمایہ کاری کی جا چکی ہے، جس میں پیئر ٹو پیئر (P2P) ڈیجیٹل ادائیگیوں اور ڈیٹا نیٹ ورک سے متعلق نظام بھی شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے نظام کو فعال بنانے کے لیے علماء، ماہرین معاشیات اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک باقاعدہ کمیٹی قائم کرنے کی تجویز بھی پیش کی گئی، تاکہ شرعی اصولوں کے مطابق ڈیجیٹل مالیاتی نظام کو فروغ دیا جا سکے۔ دیوان یوسف فاروقی نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں ڈیجیٹل مالیات اور کرپٹو اثاثوں کے شعبے میں تیزی سے ترقی کے پیش نظر عوام کو آگاہی فراہم کرنا، مالیاتی فراڈ سے بچانا اور علماء کی بروقت رہنمائی حاصل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مالیاتی نظام میں شفافیت، اعتماد اور شرعی اصولوں کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جانی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 43 ﴿قوم کی آواز﴾

روزمرہ زندگی، گھریلو ماحول، تعلیمی اداروں اور کام کی جگہوں پر بھی ذہنی و جذباتی صحت کو اہمیت دینا ضروری ہے۔ کارنیول کی اہم سرگرمیوں میں ''والدین کی تربیت: نوجوانوں کے مسائل کو سمجھنا اور نسلوں کے درمیان فاصلے کم کرنا'' کے موضوع پر پینل ڈسکشن شامل تھی، جس کی میزبانی خودی ویلنس کی بانی اور کتاب ''اسمارٹ پیرنٹس ہینڈ بک'' کی مصنفہ ثروت این شاہ نے کی۔ نشست میں پروفیسر شائستہ آفندی، ڈاکٹر منہاج قدوائی، مفتی ابوطلحہ اور ڈی جی ہوناک بلوچ نے شرکت کی۔ مقررین نے نوجوانوں کو درپیش نفسیاتی اور جذباتی مسائل، والدین اور بچوں کے درمیان مؤثر رابطے، گھریلو ماحول میں اعتماد، بروقت رہنمائی اور خاندانوں کو درکار معاونت پر اظہارِ خیال کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کے رویوں کو محض نافرمانی یا ضد سمجھنے کے بجائے ان کے پس منظر میں موجود جذباتی اور نفسیاتی عوامل کو سمجھنا ضروری ہے۔ مقررین نے ذہنی صحت سے متعلق آگاہی، احتیاطی اقدامات، پالیسی سازی اور معذور افراد کی سماجی شمولیت کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ عالمی یوم ذہنی صحت کے تناظر میں ''حوصلہ، استقامت اور عزم'' کے عنوان سے خصوصی نشست بھی منعقد ہوئی، جس میں تیزاب گردی سے متاثرہ احمد اقبال اور جھلسنے کے حادثے سے متاثرہ مسٹر مرجان مشادی نے شرکت کی۔ نشست میں متاثرین کے تجربات، ان کی جدوجہد، عزتِ نفس اور معاشرتی قبولیت کے پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر کی اہمیت سامنے آئی کہ متاثرہ افراد کو ہمدردی، احترام اور وقار کے ساتھ اپنی زندگی کے تجربات بیان کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 44 ﴿قوم کی آواز﴾

کردیا۔ اس ضمن میں انور مقصود نے بتایا کہ ان کا اسٹیج ڈرامہ ''ہاؤس اریسٹ'' آخری ڈرامہ ہونا تھا، تاہم حالات کے باعث انہیں ایک اور ڈرامہ لکھنا پڑا۔ انور مقصود کا شمار پاکستان کی نمایاں ادبی و فنکارانہ شخصیات میں ہوتا ہے۔ وہ گزشتہ پانچ دہائیوں سے زائد عرصے کے دوران ڈرامہ نگاری، طنز و مزاح، میزبانی، اداکاری، نغمہ نگاری اور مصوری کے شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر چکے ہیں۔ ان کا تعلق ایک ایسے خاندان سے ہے جس نے ادب اور فنونِ لطیفہ کے شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ ان کی بہنوں میں معروف ادیبہ فاطمہ ثریا بجیا، ممتاز شاعرہ زہرا نگاہ اور ٹی وی میزبان و مصنفہ زبیدہ طارق شامل ہیں۔ انور مقصود کی سوانح عمری ''الجھے سلجھے انور'' بھی شائع ہو چکی ہے۔ ان کے نئے اسٹیج ڈرامے کے اعلان کے بعد ان کے مداح اس پیشکش کے منتظر ہیں۔

بقیہ نمبر 45 ﴿قوم کی آواز﴾

اندرونِ سندھ کے مختلف تعلیمی بورڈز کے امیدواروں کی کامیابی کی شرح 62 سے 78 فیصد کے درمیان رہی۔ نتائج کے مطابق کراچی بورڈ کے 1,662 امیدواروں میں سے 1,521 کامیاب ہوئے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق کیمبرج نظام تعلیم کے تمام امیدوار داخلہ ٹیسٹ میں کامیاب قرار پائے اور ان کی کامیابی کا تناسب 100 فیصد رہا۔ آغا خان ایجوکیشن بورڈ کے 49 امیدواروں میں سے 48 نے کامیابی حاصل کی، جس کی شرح تقریباً 98 فیصد بنتی ہے۔ اندرونِ سندھ کے تعلیمی بورڈز میں نواب شاہ بورڈ کے امیدواروں کی کامیابی کا تناسب 78 فیصد، حیدرآباد بورڈ کا 74 فیصد، میرپورخاص بورڈ کا 71 فیصد، سکھر بورڈ کا 69 فیصد اور لاڑکانہ بورڈ کا 75 فیصد رہا۔ ضیاء الدین امتحانی بورڈ کے امیدواروں کی کامیابی کی شرح تقریباً 73 فیصد، جبکہ سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کی شرح تقریباً 62 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ مجموعی طور پر صرف تین تعلیمی بورڈز کے امیدواروں کی کامیابی کا تناسب 92 فیصد یا اس سے زیادہ رہا۔ اس سے قبل جامعہ این ای ڈی کے داخلہ ٹیسٹ میں بھی مختلف تعلیمی بورڈز کے امیدواروں کی کارکردگی میں فرق سامنے آیا تھا۔

بقیہ نمبر 46 ﴿قوم کی آواز﴾

برآمد کنندگان کے لیے۔ انہوں نے یہ بات ایگزم بینک (EXIM Bank) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر شہباز ایچ سید سے اپنے دفتر میں ملاقات کے دوران کہی۔ اس موقع پر سیکریٹری تجارت جاوید پال بھی موجود تھے۔ جام کمال خان نے ابھرتے ہوئے کاروباری اداروں اور چھوٹے پیداواری یونٹس کے لیے برآمدات میں معاون سہولیات کو وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا، جو بین الاقوامی منڈیوں میں داخل ہونے کے خواہش مند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ، عملی رہنمائی اور مناسب رسک پروٹیکشن تک رسائی ان اداروں کو مستحکم برآمد کنندگان بننے میں مدد دے سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے ایگزم بینک اور بیرونِ ملک تعینات پاکستان کے تجارتی و سرمایہ کاری افسران کے درمیان قریبی رابطہ کاری کی تجویز بھی دی، تاکہ کاروباری مواقع کی نشاندہی کی جا سکے، کاروباری روابط کو فروغ دیا جا سکے اور بیرونی منڈیوں میں پاکستانی برآمد کنندگان کی معاونت کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 47 ﴿قوم کی آواز﴾

کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گئے۔ چھیپا ذرائع کے مطابق دونوں حادثات گلبائی پل اور کلفٹن میں پیش آئے۔ تفصیلات کے مطابق گلبائی پل کے اوپر نامعلوم گاڑی نے موٹر سائیکل سوار کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں 22 سالہ شفیع اللہ ولد سمیع احمد جاں بحق ہوگیا۔ لاش کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ دوسرا حادثہ کلفٹن میں ضیاء الدین اسپتال کے قریب پیش آیا، جہاں نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہوگیا۔ چھیپا ذرائع کے مطابق متوفی کی عمر تقریباً 50 سال ہے، تاہم فوری طور پر اس کی شناخت نہیں ہو سکی۔ لاش کو جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 48 ﴿قوم کی آواز﴾

ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ سندھ محمد علی بھٹو کا تبادلہ بدین کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کے ایم سی کے ملازمین اور پنشنرز کو اضافہ شدہ تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی یقینی بنانے کے لیے خط و کتابت کرنے پر محمد علی بھٹو کو تبادلے کی صورت میں سزا دی گئی ہے۔ ذوالفقار شاہ کے مطابق ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ سندھ نے 13 اگست کو صوبے بھر کے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز لوکل فنڈ آڈٹ کو ہدایت جاری کی تھی کہ او زیڈ ٹی گرانٹ سے ترجیحی بنیادوں پر تنخواہوں، پنشن، واجبات اور بقایاجات کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ ان ہدایات کی روشنی میں کے ایم سی میں تعینات اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ محمد علی بھٹو نے فنانشل ایڈوائزر کے ایم سی کو خط لکھ کر حکومت کی ہدایات کے مطابق ملازمین اور پنشنرز کو اضافہ شدہ تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی او زیڈ ٹی گرانٹ سے یقینی بنانے کے لیے کہا تھا، تاہم ان کے بقول میونسپل کمشنر اور فنانشل ایڈوائزر نے اس معاملے پر کوئی کارروائی نہیں کی۔ سجن یونین کے صدر نے کہا کہ اس صورت حال سے ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ سندھ کو تحریری اور بالمشافہ آگاہ کیا گیا۔ ان کے مطابق ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ سندھ نے 5 اکتوبر کو سیکریٹری بلدیات سندھ کو خط لکھ کر کے ایم سی انتظامیہ کے رویے سے آگاہ کیا۔ ذوالفقار شاہ نے الزام لگایا کہ اس کے بعد وزیر خزانہ اور وزیر اعلیٰ سندھ کی منظوری سے محکمہ خزانہ سندھ کے ذریعے محمد علی بھٹو کا تبادلہ بدین کر دیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کارروائی کے ایم سی کے ملازمین اور پنشنرز کو اضافہ شدہ تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کے معاملے پر کی گئی خط و کتابت کے تناظر میں سامنے آئی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ محمد علی بھٹو کا تبادلہ فوری واپس لیا جائے اور کے ایم سی کے حاضر سروس ملازمین اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں حکومتی اعلان کے مطابق اضافے پر عمل درآمد کرتے ہوئے واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ نمبر 49 ﴿قوم کی آواز﴾

تبدیلی سے نمٹنے اور پائیدار ترقی کے لیے مشترکہ کوششوں کو مضبوط بنانے کے لیے ایک مشترکہ تعاون کا فریم ورک قائم کیا گیا ہے۔ اس تعاون کا مقصد سرکاری اور نجی شعبے کے اداروں کو ایک ساتھ لانا ہے تاکہ ماحول کے تحفظ کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جا سکیں، ذمہ دارانہ طرزِ عمل کو فروغ دیا جا سکے اور پنجاب کو درپیش ماحولیاتی مسائل کے بارے میں آگاہی بڑھائی جا سکے۔ اس فریم ورک کے ذریعے مختلف اداروں کے درمیان شراکت داری کو فروغ دینے، متعلقہ افراد اور اداروں کی شرکت بڑھانے اور ایک پائیدار اور موسمیاتی تبدیلیوں کا بہتر مقابلہ کرنے والے مستقبل کی جانب اقدامات کرنے میں مدد ملے گی۔ اس فریم ورک کے تحت فاطمہ فرٹیلائزر، EP&CCD، صنعت، تعلیمی اداروں، نوجوانوں، سماجی تنظیموں اور دیگر متعلقہ فریقوں کو ماحولیاتی تحفظ کی سرگرمیوں میں مؤثر کردار ادا کرنے کی ترغیب دیں گے۔

بقیہ نمبر 50 ﴿قوم کی آواز﴾

تقریباً سات سال ان کے زیرِ تربیت گزارے۔ اس دوران انہوں نے صحافت کے اسرار و رموز سیکھے اور ایک صحافی کی حیثیت سے ان سے پیشہ ورانہ تربیت حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ عزیز شیخ سے حاصل ہونے والی رہنمائی، عملی تربیت اور صحافتی تجربات ان کی پیشہ ورانہ زندگی کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ایک حقیقی استاد محض علم منتقل نہیں کرتا بلکہ اپنے شاگردوں میں درست سوچ، پیشہ ورانہ ذمہ داری، اصول پسندی اور حقائق پر مبنی صحافت کا شعور بھی پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عزیز شیخ جیسی شخصیات اپنی علمی و صحافتی خدمات اور تربیت کے ذریعے ایک دیرپا ورثہ چھوڑ جاتی ہیں۔ صحافت کے لیے ان کی خدمات اور نوجوان صحافیوں کی تربیت میں ان کا کردار ہمیشہ احترام سے یاد رکھا جائے گا۔ تقریب کے دوران کراچی پریس کلب کے صدر فاضل جمیل، محترمہ مہتاب اکبر راشدی، سینئر صحافی محمود شام اور یاسر قاضی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 51 ﴿قوم کی آواز﴾

اور علاج مکمل کرنے میں مریضوں کو مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ بریسٹ کینسر کے علاج کو بہتر بنانے کے لیے ادویات کی دستیابی، ان کی قیمتوں میں کمی اور مؤثر طبی سہولتوں کی فراہمی ضروری ہے۔ مریضوں کو بروقت تشخیص اور علاج کی سہولت فراہم کرنا بھی اہم ہے، تاکہ بیماری کے باعث ہونے والی پیچیدگیوں اور اموات میں کمی لائی جا سکے۔ خبر میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان میں بریسٹ کینسر کے مریضوں کو علاج کے دوران مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ادویات اور طبی سہولتوں کی بڑھتی ہوئی لاگت کے باعث بہت سے مریض اپنا علاج جاری نہیں رکھ پاتے۔ ماہرین نے اس مسئلے کے حل کے لیے حکومتی اقدامات، طبی سہولتوں میں بہتری اور مریضوں کی مالی معاونت پر زور دیا ہے۔ نوٹ: تصویر میں کچھ الفاظ واضح نہیں ہیں، اس لیے یہ مکمل لفظ بہ لفظ نقل نہیں بلکہ قابلِ مطالعہ متن کی بنیاد پر مرتب کیا گیا خلاصہ ہے۔ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص اور جدید علاج سے مریضوں کی زندگی بچائی جا سکتی ہے۔ ماہرین نے بتایا کہ کینسر کی بروقت تشخیص اور مناسب علاج سے مریضوں کی صحت یابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے جدید طبی سہولیات، مؤثر علاج اور مریضوں کی مناسب رہنمائی ضروری ہے۔ ماہرین کے مطابق بریسٹ کینسر کے علاج کے لیے مختلف طریقے استعمال کیے جاتے ہیں، جن میں سرجری، کیموتھراپی، ریڈیوتھراپی اور دیگر جدید طریقہ علاج شامل ہیں۔ مریض کی بیماری کی نوعیت اور مرحلے کے مطابق علاج کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بریسٹ کینسر کے مریضوں کو علاج کے دوران پیش آنے والی مشکلات کو کم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ضروری ہیں۔ جدید ادویات اور طبی سہولیات کی دستیابی سے مریضوں کے علاج میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ خبر کے آخری حصے میں درج اعداد و شمار کے مطابق: پاکستان میں 2024 کے دوران بریسٹ کینسر کے اندازاً 43 ہزار 721 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، جبکہ اس بیماری کے باعث 20 ہزار 39 اموات ہوئیں۔

بقیہ نمبر 52 ﴿قوم کی آواز﴾

نمودار ہوتے ہیں جو بتدریج جسم کے دیگر حصوں تک پھیل جاتے ہیں۔ یہ بیماری متاثرہ بچے سے دوسرے بچوں میں تیزی سے منتقل ہو سکتی ہے۔ ماہرین اطفال نے والدین پر زور دیا ہے کہ بچوں کو خسرے سے بچاؤ کی ویکسین مقررہ شیڈول کے مطابق لازمی لگوائیں۔ حکومت سندھ کی جانب سے بچوں کو 9 ماہ اور 18 ماہ کی عمر میں خسرے سے بچاؤ کی ویکسین مفت فراہم کی جاتی ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق خسرے سے متاثرہ بچے کو دوسرے بچوں سے الگ رکھنا بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے میں مددگار ہے۔ وٹامن اے کا استعمال بھی مرض کی شدت اور پیچیدگیوں کو کم کرنے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے، تاہم اسے معالج کی ہدایت کے مطابق دینا چاہیے۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ غذائی قلت یا کمزور قوتِ مدافعت کے شکار بچوں میں خسرے کی پیچیدگیوں کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ یہ مرض بعض صورتوں میں نمونیا جیسی سنگین بیماریوں کا سبب بن سکتا ہے، اس لیے علامات ظاہر ہونے پر بچے کو فوری طور پر ڈاکٹر کے پاس لے جانا چاہیے۔ ماہرین نے والدین کو ہدایت کی ہے کہ بچوں کی ویکسینیشن کا ریکارڈ اور مقررہ تاریخوں کا خاص خیال رکھیں اور بیماری کی غیر معمولی علامات کو نظرانداز نہ کریں۔ بروقت طبی معائنہ اور مکمل ویکسینیشن بچوں کو خسرے اور اس کی سنگین پیچیدگیوں سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

رفیعہ جاوید کے صاحبزادے کیپٹن احمد ملاح کی تقریبِ ولیمہ

سردار شاہ، عباس بلوچ، ڈاکٹر ناصر انصار، عمران خان چشتی، سعید خان، مرتضیٰ شاہ شیرازی محمد افضل خان و دیگر شخصیات کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف نان فارمل اسکولز رفیعہ جاوید کے صاحبزادے کے کیپٹن احمد ملاح کی تقریبِ ولیمہ میں صوبائی وزیرِ تعلیم سندھ سردار شاہ، سیکریٹری یونیورسٹی اینڈ تعلیمی بورڈ عباس بلوچ، چیئرمین ضیاء الدین بورڈ ڈاکٹر ناصر انصار، اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی سے محمد عمران خان چشتی، چیئرمین وفاقی یونیورسٹی محمد سعید خان، چیئرمین نجی اسکولز محمد افضل خان، چیئرمین اسکولز ایسوسی ایشن حیدر علی، چیئرمین اساتذہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)





جام کمال خان کی شہباز اچیج سید سے خصوصی ملاقات

سیکریٹری تجارت جواد پال بھی موجود، ایکسپورٹ فنانسنگ اور کریڈٹ انشورنس تک آسان رسائی کی کوشش

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے جمعہ کو کہا کہ پاکستانی برآمد کنندگان کو نئی بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے، ادائیگیوں کے خطرات کو سنبھالنے اور اپنے کاروبار کو وسعت دینے میں مدد دینے کے لیے ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس اور مالیاتی سہولیات تک رسائی کو آسان بنایا جائے گا، خصوصاً چھوٹے کاروباری اداروں اور نئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

جامعہ داؤد کے داخلہ ٹیسٹ میں کراچی بورڈ کے 92 فیصد امیدوار کامیاب

اندرون سندھ کے تعلیمی بورڈز کے امیدواروں کی کامیابی کا تناسب 62 سے 78 فیصد رہا

کراچی (این این آئی) جامعہ داؤد یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے داخلہ ٹیسٹ میں کراچی انٹرمیڈیٹ بورڈ کے امیدواروں کی کامیابی کا تناسب 92 فیصد رہا، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

انور مقصود کے آخری اسٹیج ڈرامے ''تھانہ نہ دھیم تھانہ'' کا اعلان

'ہاؤس اریسٹ' آخری ڈرامہ ہونا تھا، حالات کے باعث ایک اور ڈرامہ لکھنا پڑا، معروف ادیب

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف ادیب، ڈرامہ نگار اور اداکار انور مقصود نے اپنے نئے اسٹیج ڈرامے ''تھانہ نہ دھیم تھانہ'' کو اپنا آخری ڈرامہ قرار دینے کا اعلان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

فاطمہ فرٹیلائزر اور حکومت پنجاب کا ماحولیاتی تحفظ کیلئے مشترکہ فریم ورک تیار

فاطمہ فرٹیلائزر کی ڈائریکٹر مارکیٹنگ اینڈ سیلز، رابیل سدوزئی کی حکومت پنجاب کی سیکریٹری سلوت سعید سے خصوصی ملاقات

لاہور (بزنس رپورٹر) فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ اور حکومتِ پنجاب کے محکمہ تحفظِ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی (EP&CCD) نے صوبے بھر میں ماحولیاتی تحفظ، موسمیاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)



کے ایم سی ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافے کا معاملہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کا تبادلہ واپس لینے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) بجن یونین سی بی اے کے ایم سی کے مرکزی صدر سید ذوالفقار شاہ نے مطالبہ کیا ہے کہ اسسٹنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

کراچی میں ٹریفک حادثات، گاڑیوں کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر میں ٹریفک حادثات کے دوران نامعلوم گاڑیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

امراضِ قلب کے مریضوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ تشویشناک، محمد نواز لاشاری

95 فیصد آبادی میں خون میں چکنائی کا تناسب بڑھنے کا خدشہ ہے: پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں امراضِ قلب کے مریضوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کی بنیادی وجوہات میں چکنائی کی زیادتی، غیر صحت مند طرزِ زندگی اور جسمانی سرگرمیوں کی کمی شامل ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق خون میں چکنائی کی مقدار بڑھنے سے دل کی بیماریوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان میں خون میں کولیسٹرول کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



دیوان یوسف فاروقی کا ''فرسٹ اسلامک بٹ کوائن'' نظامِ ورک کا مطالبہ


جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مالیاتی نظام میں شفافیت، اعتماد اور شرعی اصولوں کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں کی جانی چاہئیں، معروف صنعتکار



کراچی (بزنس رپورٹر) ایک خصوصی تعلیمی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے معروف صنعت کار اور دیوان موٹرز کے چیئرمین دیوان یوسف فاروقی نے جدید علماء، ماہرینِ معاشیات اور جامعات کی قیادت پر زور دیا کہ وہ قومی معیشت میں ڈیجیٹل کرنسیوں کے شرعی اور قانونی نظام کی راہ ہموار کریں۔ انہوں نے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں 40 ملین سے زائد پاکستانی اربوں ڈالر کے کرپٹو اثاثے رکھتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

استاد، رہنما اور صحافت کی معتبر شخصیت عزیز شیخ کو خراجِ عقیدت

عزیز شیخ سے حاصلِ عملی تربیت پیشہ ورانہ زندگی کا قیمتی سرمایہ ہے، محمود شام، پیر مظہر الحق، مہتاب اکبر راشدی اور فاضل جمیلی کا اظہارِ خیال



کراچی (اسٹاف رپورٹر) نامور سینئر صحافی، ادیب اور استاد عزیز شیخ کی 80 ویں برس کے موقع پر کراچی پریس کلب میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق سینئر صوبائی وزیر پیر مظہر الحق نے اپنے استاد اور رہنما عزیز شیخ کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور ان کی صحافتی خدمات کو سراہا۔ پیر مظہر الحق نے کہا کہ عزیز شیخ کے استاد اور رہنما ہونے کے ناتے انہوں نے روزنامہ حیدرآباد میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



خودی ویلنس کارنیول 2026 اختتام پذیر، ذہنی صحت، سماجی شمولیت اور بہتر طرزِ زندگی پر زور

میزبانی خودی ویلنس کی بانی اور کتاب ''اسمارٹ پیرنٹس ہینڈ بک'' کی مصنفہ سروت این شاہ نے کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) خودی ویلنس کارنیول 2026 گرین وچ یونیورسٹی کراچی میں دو روزہ سرگرمیوں کے بعد اختتام پذیر ہوگیا۔ عالمی یومِ ذہنی صحت کے حوالے سے منعقدہ اس میلے میں ماہرینِ نفسیات، ماہرینِ تعلیم، طبی شعبے سے وابستہ افراد، سماجی تنظیموں، طلبہ اور شہریوں نے شرکت کی۔ ''بہتر ذہن، روشن مستقبل'' کے عنوان سے منعقدہ اس پروگرام کا مقصد ذہنی صحت سے متعلق آگاہی، جذباتی آسودگی، سماجی شمولیت اور معاشرتی سطح پر تعاون کو فروغ دینا تھا۔ خودی ویلنس کے زیرِ اہتمام تھرائیو اسکول آف سائیکالوجی اور گرین وچ یونیورسٹی کے اشتراک سے منعقدہ کارنیول میں اس بات پر زور دیا گیا کہ ذہنی صحت کے مسائل سے نمٹنے کے لیے صرف بحران کے وقت علاج کافی نہیں، بلکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

بریسٹ کینسر کا علاج پاکستانی مریضوں کی پہنچ سے باہر

کینسر کی تشخیص کے بعد بھی ادویات کا انتظام کرنے اور علاج مکمل کرنے میں مریضوں کو مشکلات کا سامنا رہتا ہے، پروفیسر طارق رفیع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہنگی ادویات اور بریسٹ کینسر کے علاج کے اخراجات پاکستانی مریضوں کی پہنچ سے باہر ہیں، جبکہ بیماری کی تشخیص میں تاخیر جان بچانے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ ماہرین کے مطابق کینسر کی تشخیص کے بعد بھی ادویات کا انتظام کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



موسم کی تبدیلی کے ساتھ کراچی میں خسرے کے کیسز بڑھنے لگے، طبی ماہرین کی والدین کو احتیاط کی ہدایت، بخار، کھانسی، آنکھوں کی سرخی اور جلد پر دانے اہم علامات، ویکسین نہ لگوانے والے بچوں میں پیچیدگیوں کے خطرہ زیادہ ہیں، ماہرین

کراچی (این این آئی) موسم کی تبدیلی کے ساتھ بچوں میں خسرے سمیت وائرل بیماریوں کے پھیلاؤ کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ طبی ماہرین نے والدین کو خبردار کیا ہے کہ خسرہ تیزی سے پھیلنے والا مرض ہے، جس کی بروقت تشخیص اور ویکسینیشن نہ ہونے کی صورت میں یہ جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ ماہرین کے مطابق خسرے کی ابتدائی علامات میں نزلہ، زکام، کھانسی، بخار اور آنکھوں کی سرخی شامل ہیں، جبکہ عموماً تین سے سات روز بعد چہرے پر دانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان — تصاویر: نسیم خان

قبل از آمد جی ڈی جمع کرا سکتے ہیں، کراچی چیمبر میں چیئرمین کے پی ٹی کا مکالمہ

کلیئرنس تیز رفتار ہوگی، بندرگاہوں میں رش میں کمی کی یقین دہانی بھی کراتا ہوں، ریئر ایڈمرل شاہد احمد

بندرگاہی اصلاحات کے ثمرات کاروباری برادری تک پہنچائے جائیں تو مطمئن ہونگے، زبیر موتی والا، طلعت محمود

انجم نثار، بریگیڈیئر محمد یونس، اسلم پکھالی، واجد علی، شمیم فریو، عبداللہ ذکی، طارق یوسف، ادریس میمن اور درشہوار نثار موجود



کراچی (بزنس رپورٹر) چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) ریئر ایڈمرل (ر) شاہد احمد نے درآمد کنندگان، کسٹمز ایجنٹس اور کلیئرنگ بروکرز پر زور دیا ہے کہ وہ گڈز ڈیکلریشنز (جی ڈیز) کی پیشگی فائلنگ کو معمول بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ پیشگی جی ڈی جمع کرانے والے کارگو کی کلیئرنس تقریباً 90 گھنٹوں میں ہو رہی ہے، جبکہ پیشگی فائلنگ نہ ہونے کی صورت میں اس عمل میں 296 گھنٹے لگتے ہیں۔ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) میں پیر کو منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس طریقہ کار کو اپنانے سے کارگو کلیئرنس میں نمایاں تیزی لائی جاسکتی ہے، ڈیمنرج پر رش کم کیا جا سکتا ہے اور کاروباری لاگت میں کمی لائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کے سی سی آئی کو دعوت دی کہ وہ عملی مسائل اور ان کے قابلِ عمل حل پر مشتمل جامع تجاویز پیش کرے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ کے پی ٹی، پاکستان کسٹمز، ایف بی آر، حکومت سندھ اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ کاری میں مکمل تعاون کرے گا۔ چیئرمین کے پی ٹی نے بندرگاہی انفراسٹرکچر، ڈریجنگ، بحری جہازوں کی آمد و رفت کے روابط، ڈیجیٹلائزیشن اور کارگو ہینڈلنگ کی استعداد میں ہونے والی نمایاں پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ اقدامات کراچی بندرگاہ کی مسابقتی صلاحیت بڑھانے اور پاکستان کی بین الاقوامی تجارت کو سہولت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ ریئر ایڈمرل شاہد احمد نے بتایا کہ طویل عرصے سے زیرِ التوا ڈریجنگ منصوبے کا تقریباً 90 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے اور مرکزی بحری چینل کی گہرائی بڑھا کر تقریباً 14.5 میٹر کر دی گئی ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ باقی ماندہ کام آئندہ 30 سے 40 روز میں مکمل ہونے کے بعد اپروچ چینل کی گہرائی 16 میٹر تک پہنچ جائے گی، جس سے بڑے بحری جہازوں کی آمد ممکن ہو سکے گی اور بندرگاہ کی عملی استعداد میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 8 سے 10 ماہ کے دوران کے پی ٹی اور ٹرمینل آپریٹرز نے بندرگاہی انفراسٹرکچر کی بہتری پر بھاری سرمایہ کاری کی ہے۔ کے پی ٹی نے ٹرانس شپمنٹ سے متعلقہ چارجز میں تقریباً 80 فیصد کمی کی ہے، جبکہ ٹرمینل آپریٹرز ٹرانس شپمنٹ اور ٹرانزٹ کارگو کو راغب کرنے کے لیے 25 فیصد رعایت اور 14 روز کی مفت سہولت فراہم کر رہے ہیں۔ کارگو کی نقل و حرکت آسان بنانے کے لیے تقریباً 150,000 کی مجموعی گنجائش کی آف ڈاک سہولیات بھی تیار کی گئی ہیں۔ چیئرمین کے پی ٹی نے بتایا کہ کراچی بندرگاہ نے عالمی لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس میں تقریباً 980 بندرگاہوں میں 34 ویں پوزیشن حاصل کی ہے۔ ایم ایس سی کی نئی براہِ راست پورٹ سروس 26 اکتوبر سے شروع ہونے کی توقع ہے، جبکہ کے پی ٹی کا ہدف ہے کہ دسمبر تک براہِ راست شپنگ سروسز میں کم از کم 100 فیصد اضافہ کیا جائے۔ اس سے اہم بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی بڑھے گی اور غیر ملکی بندرگاہوں کے ذریعے ٹرانس شپمنٹ پر انحصار کم ہوگا۔ انہوں نے اندازہ ظاہر کیا کہ بحری جہازوں کی بہتر آپریشنل کارکردگی اور کارگو ہینڈلنگ سے کاروباری برادری کو سالانہ 30 سے 40 ارب روپے کی بچت ہو سکتی ہے۔ بڑے بحری جہازوں کی آمد سے کارگو اتارنے کا دورانیہ بھی تقریباً سات روز سے کم ہو کر ایک سے ڈیڑھ روز رہ سکتا ہے۔ سمندری شعبے میں نئے مواقع کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اب تک 160 سے زائد بحری جہاز بنکرنگ، یعنی جہازوں کو ایندھن فراہم کرنے کی سہولت کے لیے پاکستانی سمندری حدود میں آ چکے ہیں۔ ان کے مطابق آئندہ دو سے تین سال میں بنکرنگ کا کاروبار سالانہ 300 ارب روپے سے تجاوز کر سکتا ہے، جس سے ریفائنریز اور دیگر بحری شعبے کے کاروباروں کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ چیئرمین کے پی ٹی نے بندرگاہ کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے منصوبوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت پر مبنی بلک کارگو آپریشنز، خودکار آلات، ویسل ٹریفک مینجمنٹ سسٹم اور انٹرپرائز ریسورس پلاننگ سسٹمز متعارف کرائے جا رہے ہیں، جن پر مجموعی طور پر تقریباً 2 سے 2.5 ارب روپے کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔


وزیرِ اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا دریائے یا نکسی پر واقع تھری گورجز ڈیم کا دورہ

آبی ذخائر کے انتظام، سیلاب کی روک تھام اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے چینی تجربات سے فائدہ اٹھائینگے

سندھ اور چین کے درمیان پانی کے انتظام اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبوں میں تعاون پر چائنیز حکام کیساتھ سندھ حکومت کا اتفاق

شرجیل میمن، جام خان شورو، محمد بخش مہر، سید قاسم نوید، نجم احمد شاہ، واصف جمیل سمیت سینئر افسران بھی وزیرِ اعلیٰ کے ہمراہ موجود





کراچی (بزنس رپورٹر) وزیرِ اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پیر کے روز دریائے یا نکسی پر واقع دنیا کے معروف تھری گورجز ڈیم کا دورہ کیا، جہاں انہیں پن بجلی کی پیداوار، سیلاب پر قابو پانے، پانی ذخیرہ کرنے اور دریا کے انتظام کے حوالے سے چین کے تجربات پر بریفنگ دی گئی۔ وزیرِ اعلیٰ سندھ نے صوبائی وزراء؛ شرجیل انعام میمن، جام خان شورو، محمد بخش خان مہر، معاونِ خصوصی سید قاسم نوید اور سینئر افسران پر مشتمل اعلیٰ سطحی وفد کی قیادت کرتے ہوئے ڈیم کے مختلف حصوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چینی حکام نے دنیا کے سب سے بڑے پن بجلی گھر کی منصوبہ بندی، تعمیر اور آپریشن کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ حکام نے وفد کو بتایا کہ تھری گورجز ڈیم کی تعمیر تقریباً دو دہائیوں میں مکمل ہوئی اور اسے 2012ء میں مکمل کیا گیا۔ اس ڈیم کی بجلی پیدا کرنے کی نصب شدہ صلاحیت 22,500 میگاواٹ ہے، جبکہ یہ سالانہ 100 ٹیراواٹ گھنٹے سے زیادہ بجلی پیدا کرتا ہے۔ صاف توانائی کی پیداوار کے علاوہ یہ منصوبہ دریائے یانگسی کے ساتھ سیلاب پر قابو پانے اور اندرونِ ملک آبی نقل و حمل کے لیے بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ بریفنگ کے دوران وزیرِ اعلیٰ سندھ نے پانی ذخیرہ کرنے، سیلابی صورتِ حال کو منظم کرنے اور آبی حالات کی لحہ بہ لحہ نگرانی کے مربوط نظام میں خصوصی دلچسپی ظاہر کی۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ کو موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث بڑھتے ہوئے چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں مون سون کے موسم میں تباہ کن سیلاب اور خشک ادوار میں پانی کی قلت شامل ہیں۔ ان حالات میں پانی کے مؤثر انتظام کو صوبے کی ایک اہم اسٹریٹجک ترجیح بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تھری گورجز ڈیم کا تجربہ ظاہر کرتا ہے کہ جدید انجینئرنگ، ٹیکنالوجی اور طویل المدتی منصوبہ بندی کے ذریعے آبی وسائل کو معاشی ترقی، توانائی کے تحفظ اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے کی صلاحیت بڑھانے کا ذریعہ بنایا جا سکتا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نشاندہی کی کہ دریائے سندھ کے نظام کے ذریعے مختلف موسموں میں پانی کی خاطر خواہ مقدار دستیاب ہوتی ہے، تاہم مستقبل میں زرعی، شہری اور صنعتی ضروریات کے لیے اضافی پانی محفوظ کرنے کی صلاحیت محدود ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں پانی ذخیرہ کرنے، سیلاب کے نقصانات کم کرنے اور آب پاشی کے انتظام کے لیے جدید اور مؤثر حل تلاش کرنا ہوں گے تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے پائیدار ترقی اور پانی کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت چین کے آبی انتظام کے ماڈل کے متعلقہ پہلوؤں کو سندھ میں اپنانے کے امکانات کا جائزہ لے گی۔ ان میں بالخصوص آبی ذخائر کو چلانے اور ان کا انتظام کرنے، سیلاب کی پیش گوئی، پانی کے ساتھ آنے والی مٹی اور گاد کے انتظام اور میٹھے پانی کو ذخیرہ کرنے کے طریقے شامل ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ سندھ نے دریائے سندھ کے ڈیلٹا کے تحفظ اور سندھ کے ساحلی علاقوں میں سمندری پانی کو خشکی کی جانب بڑھنے سے روکنے کی اہمیت پر بھی گفتگو کی۔ انہوں نے زور دیا کہ مستقبل کے آبی بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں میں ترقیاتی ضروریات اور ماحولیاتی پائیداری کے درمیان توازن برقرار رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کے تحفظ سے متعلق کسی بھی حکمتِ عملی میں دریائے سندھ کے ڈیلٹا کی ماحولیاتی ضروریات کا تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے، جبکہ زرعی پیداوار میں اضافہ اور سیلاب و خشک سالی سے متاثر ہونے والی کمزور آبادیوں کا تحفظ بھی ضروری ہے۔ وزیرِ اعلیٰ سندھ نے اپنے ہمراہ موجود افسران کو ہدایت کی کہ وہ آبی حالات کی نگرانی، جدید اور خودکار آبی ذخائر کے انتظام اور دریا کے پورے طاس کے مربوط انتظام کے حوالے سے چین کے بہترین طریقوں کا مطالعہ کریں تاکہ انہیں سندھ کی ضروریات کے مطابق اپنانے کے امکانات کا جائزہ لیا جا سکے۔ یہ دورہ وزیرِ اعلیٰ سندھ کے چین کے ایک ہفتے پر مشتمل سرکاری دورے کا حصہ تھا، جس کا مقصد بنیادی ڈھانچے، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، تعلیم اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ چینی حکام نے آبی وسائل کے انتظام اور موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت پیدا کرنے کے حوالے سے تکنیکی مہارت اور تجربات کا تبادلہ کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔





